دوسری میری بات یہ ہے اس پر کل اخراجات کتنے ہوئے ہیں؟ اور تیسرا یہ کہ کیا کوئی اصول ہے کہ جو ایک دفعہ اس ڈیوٹی سے ہو آئے گا وہ دوبارہ نہیں جائے گا اور جو وہاں پر جاتا ہے حج تو وہ کر آیا ہے کیا اس کو اضافی honorarium and pay وغیرہ بھی ملتی ہے؟

جناب چیئرمین، آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا، جہاں تک ان کے supplementary کا تعلق ہے یہ تو اس وقت بتا سکتا ہوں کہ total 799 لوگ تھے جن میں سے 229 armed forces and police and scouts سے گئے ہیں اور اس کے بعد 125 doctors armed forces سے گئے ہیں اور اس کے علاوہ 159 civilian doctors and paramedics گئے ہیں اور اس کے بعد 144 seasonal duty staff گئے ہیں۔ اس میں تو کوئی ratio کا اختلاف یا کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ جو on duty doctors ہوتے ہیں' employees ہیں ان میں سے ہی بھیجے جائیں گے تاکہ ان کو اضافی remuneration کم سے کم دی جا سکے۔ اگر private sector سے لوگوں کو بھجوایا جائے تو ان پر اخراجات بھی زیادہ آتے ہیں۔ اس میں ان کو زیادہ اختلاف ہوگا۔ اگر ان کو کوئی مزید تفصیل چاہیے تو question دے دیں انشاء اللہ وہ بھی provide کر دیا جائے گا۔

Mr. Chairman: Mr. Bangulzai.

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ سوال کا جو جواب ہے اس میں انہوں نے صوبوں سے صرف نظر کیا ہے' انہوں نے تفصیل نہیں بتائی جبکہ seasonal duty staff میں انہوں نے خود اعتراف کیا کہ یہ صوبائی حکومتوں کے مشوروں سے بھیجتے ہیں۔

میرا سوال یہ ہے کہ اکثر حجاج کرام یہ شکایت کرتے ہیں کہ حکومت پاکستان کی طرف سے جو خدام الحجاج مسلح افواج' پولیس یا سکاؤٹس کی طرف سے بھیجے جاتے ہیں' چہ جائیکہ وہ ان کی خدمت کریں ان کا رویہ انتہائی تحکمانہ اور حاکمانہ ہوتا ہے بلکہ خادمانہ ان کا رویہ ہی نہیں ہوتا۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ خادم اگر وہ بھیجتے ہیں تو میری suggestion ہے کہ وہ بجائے army یا police کے یا scouts کے civilians سے بھیجا کریں۔ ایک تو یہ ہے کہ وہ ان کی خدمت بھی بہتر طور پر کرسکیں گے اور ان کا جو رویہ ہوتا ہے جو ہمارے پولیس والوں کا یا جو ریٹائرڈ فوجی ہیں ان کا رویہ بھی خادمانہ نہیں ہوتا بلکہ ہمیں اکثر یہ شکایت ہوتی ہے کہ وہ حاکمانہ طرز عمل اختیار کرتے ہیں حالانکہ خدام الحجاج کے نام پر جاتے ہیں۔ میری یہ تجویز ہے اگر Minister sahib اس کو منظور فرمائیں تو ان حاجیوں پر ان کا بڑا کرم ہوگا۔

جناب چیئرمین، جی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا، جہاں تک اس بات کا تعلق ہے میں ابھی بتانے کے لیے تیار ہوں' صوبائی break up میرے پاس موجود ہے۔ خدام الحجاج total 229 میں سے 50 from Punjab, 16 from NWFP, 20 from Sindh, 7 from Balochistan and 6 from AJK.

اور جو medical mission ہے وہ total 284 ہے اور ان میں 150 doctors plus 75 paramedics ان میں کوئی provincial quota نہیں ہے چونکہ یہ تمام armed forces سے ہیں اور armed forces سارے صوبوں سے بھرتی شدہ ہیں اور جو civilians ہیں ان میں کل ۱۵۹ ہیں۔ ان میں سے ۵۱ ڈاکٹر پنجاب سے ہیں' چار سرحد سے ہیں' پانچ سندھ سے ہیں' دو بلوچستان سے ہیں' ایک آزادکشمیر سے ہے۔ Paramedical میں سے ۶۸ پنجاب سے ہیں' سرحد سے پانچ ہیں' سندھ سے سات ہیں' بلوچستان سے ایک ہے۔ آزادکشمیر سے بھی ایک ہے۔ جو حکیم ہیں' ان میں دو پنجاب سے ہیں' دو سرحد سے ہیں' ایک سندھ سے ہے' ایک بلوچستان سے ہے اور ہومیو ڈاکٹر

پنجاب سے پانچ ہیں، سرحد سے ایک ہے، سندھ سے ایک ہے، بلوچستان سے ایک ہے اور seasonal duty staff جو ہے، پنجاب سے ۸۸ ہیں، سرحد سے ۲۳ ہیں، سندھ سے اکیس ہیں اور بلوچستان سے دو ہیں، آزاد کشمیر سے دس ہیں۔

جناب چیئرمین: آغا صاحب! I think اس طرح time بہت نکل جاتا ہے، آئندہ جو سوال نہیں پوچھا ہے وہ لکھ کر بھیج دیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: اس کے علاوہ اگر کوئی تفصیل پوچھنا چاہتے ہیں بنگزئی صاحب تو میں حاضر ہوں۔ دفتر میں میرا سٹاف بیٹھا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: ابھی بہت سوال رہتے ہیں، آدھے سے زیادہ وقت ہمارا ہو گیا ہے۔ مندوخیل صاحب کا اس پر ایک سوال تھا۔

سینیٹر کامل علی آغا: اگر انہیں کوئی تفصیل چاہیے تو ابھی ان کو بھجوا دیتے ہیں۔

Mr. Chairman: Last supplementary on this question. Mr. Mandokhel.

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: میرا مقصد ہرگز یہ نہیں تھا کہ میں ان سے تفصیلات پوچھتا۔

جناب چیئرمین: آپ لکھ کر بھیج دیں، وہ بتا دیں گے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: میں یہ کہتا ہوں کہ اگر وہ civilian کو بھیج دیں۔

جناب چیئرمین: وہ آپ پہلے کہہ چکے ہیں۔ اب مہربانی کرکے آگے چلیں۔ جی مندوخیل صاحب۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: With due respect بات یہ ہے------

جناب چیئرمین: کس چیز کو late کرا دیا ہے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! سوالوں کو regulate کرنا آپ کا کام ہے۔ ایک سوال پر متعلقہ شخص یعنی ممبر اتنی لمبی باتیں کرتا ہے۔

جناب چیئرمین، وہ تو ممبران پر ہے' میں کیا کروں۔ ممبر ماشاء اللہ اتنے تجربہ کار ہیں۔ میں کہہ کہہ کر تھک گیا ہوں کہ to the point رکھیں اور آپ دیکھتے ہیں کہ تین سوال جب پہلے ہو چکے ہیں تو بھی یہ ہاتھ اٹھاتے رہتے ہیں' میں پھر کیا کروں۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، جناب والا! regulate تو آپ کریں گے۔

جناب چیئرمین، میں کیا regulate کروں۔ پھر آپ لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں موقع ہی نہیں ملا۔ میں بالکل regulate کر رہا ہوں۔ لیکن بات آپ کی بڑی معقول ہے' very valid ہے کہ اس میں ہمیں supplementary to the point رکھنا چاہیے۔ آپ کی بات بالکل صحیح ہے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ Ministry of Defence کو کس اصول کی بنیاد پر خدام الحجاج کی selection کا حق دیا گیا ہے اور اسی طرح -----

جناب چیئرمین، یہ بہت پرانا چلا آ رہا ہے۔ آپ کا سوال کیا ہے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، سوال یہ ہے کہ آپ اس کے الفاظ دیکھیں

229 officials from Armed Forces, Police and Scouts were selected as Khuddam-ul-Hujjaj by the Ministry of Defence.

یعنی Ministry of Defence کو دینے کا کیا معیار تھا کہ وہ ان لوگوں کو select کرے۔

جناب چیئرمین، مندوخیل صاحب! آپ کا سوال ہو گیا ہے جواب سن لیں۔ جی آغا صاحب۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، اسی طرح جو ڈاکٹر ہیں اس میں بڑا حصہ وزارت دفاع نے select کیا' یہ کیا معیار تھا۔

جناب چیئرمین، آپ تشریف رکھیں۔ جواب سن لیں کہ کیا تھا۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں یہ کہنا چاہوں گا کہ جو Defence Forces ہیں یہ اس ملک کا سب سے بڑا ادارہ ہے اور national institution ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ خدمت کے لحاظ سے ان کو خصوصی طور پر جو training دی جاتی ہے اس لئے ان کو شاید تاثر یہ ہے کہ یہ حج پر جا رہے ہیں۔ یہ حج پر نہیں جا رہے' یہ حج کی ڈیوٹی پر جا رہے ہیں اور حکومت کا فرض ہے کہ ڈیوٹی پر ان لوگوں کو بھیجے جو زیادہ خدمت کر سکتے ہیں اور زیادہ اچھے طریقے سے' منظم طریقے سے facilitate کر سکتے ہوں حاجیوں کو۔ اس لئے یہ ہماری وزارت کی پالیسی کا حصہ ہے۔ ہماری منسٹری کی پالیسی کا حصہ ہے کہ ہم ان کو priority دیتے ہیں اور یہ کوئی معیوب بات نہیں ہے' یہ حاجیوں کی بہتری کے لیے ہے۔

Mr. Chairman: We will go back to Question 14

جو Prime Minister Secretariat کے تھے جو آپ نے defer کیے تھے۔

(Interruption)

جناب چیئرمین، اس پر اتنے سوال ہو گئے ہیں' میرا خیال ہے پھر ممبروں کو اعتراض ہوتا ہے۔ دیکھیے میں عرض کروں' جس نے کوئی سوال پوچھنا ہے تو وہ اگر ہمیں پہلے لکھ کر بھیج دے تو پھر یہ سلسلہ ختم ہو جائے گا کہ پہلے کس کا آتا ہے دوسرا کس کا۔ Rules میں 3 supplementary questions allowed ہیں' میں تین ہی لے سکتا ہوں۔ ہر کوئی کہتا ہے کہ میں نے تین سے پہلے ہاتھ اٹھایا تھا' ہر کوئی نہیں ہو سکتا۔

سینیٹر آغا پری گل، جناب چیئرمین صاحب! میں منسٹر صاحب سے ایک سوال کرنا چاہتی ہوں کہ ایک زمانہ تھا جب صوبوں کے نمائندوں سینیٹرز اور MNA's کو حج منسٹری باقاعدہ letter بھیجتی تھی کہ آپ اپنے حلقے کے تین' چار یا پانچ لوگوں کے نام دینا چاہتے ہیں تو ہم اپنے حلقے کے لوگوں کی list ان کو دیتے تھے اور دوبارہ ہمیں letter آتا تھا اور ان کو بھیجا جاتا تھا۔ مگر پچھلے تین' چار سالوں سے نہ کسی MNA نہ Senator سے پوچھتے ہیں' بلیدی صاحب کے دو بندے گئے ہیں' پتا نہیں وہ کس خوشی میں گئے ہیں' اللہ جانے' ان تین سالوں میں ہمارا تو ایک بندہ بھی نہیں گیا ہے۔ By God میں آپ کو سچ بتا رہی ہوں کیونکہ یہ اللہ کے گھر کی بات ہے۔

جناب چیئرمین، آپ کا سوال کیا ہے وہ بتائیں' تا کہ وہ جواب دیں۔

سینیٹر آغا پری گل، میری بات سنیں، یہ اللہ کے گھر کی بات ہے، کوئی غلط بیانی نہیں کرنی چاہیے مگر Senators and MNAs کا کوٹا ہونا چاہیے تاکہ یہ جو نمائندے اپنے حلقوں کی نمائندگی کرتے ہیں، بعض دفعہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ لوگ سینیٹر ہیں آپ کا کوٹا نہیں ہے، کیوں نہیں ہے؛ اس وقت ہم یہاں سینیٹ میں بیٹھے ہیں، ہم عوامی نمائندے ہیں، ہمارا کوٹا ہونا چاہیے، بالکل ہونا چاہیے۔ کل بھی یہ کہا کہ یہ تو سینیٹر ہے، ہم تو MNA ہیں، ہم لوگ حلقوں سے آتے ہیں، ہم عوامی نمائندگی کرتے ہیں، بھئی اگر آپ نمائندگی کرتے ہیں تو ہمیں بھی ایک صوبے کے MPA vote دیتے ہیں، وہ بھی اتنے ڈھیر سارے ووٹ، ایک نہیں پچاس، پچاس MPAs مگر اس طرح نہیں کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیے، آغا صاحب! یہ جو بات انہوں نے کی ہے تو آپ اس کو pass on کر دیں۔

سینیٹر آغا پری گل، جناب چیئرمین صاحب! آپ سینیٹر ہیں، آپ ذرا سینیٹروں کی حمایت کریں اور ان کا کوٹا ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین، میں تو کہہ رہا ہوں، بالکل اچھی تجویز ہے اور یہ pass on ہونی چاہیے۔

سینیٹر آغا پری گل، آپ اس طرح نہیں کریں، آپ حمایت کریں تاکہ کل کو آپ کا بھی کوٹا ہوگا۔ اگر ہمارا ہوگا تو آپ کا بھی کوٹا ہو گا۔ مگر یہ تین سالوں سے زیادتی ہو رہی ہے اور کوئی کوٹا نہیں ہے اس لیے میں آپ سے پرزور اپیل کرتی ہوں کہ سینیٹروں کا کوٹا ہونا چاہیے، آپ ruling دیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین، یہ ruling کا معاملہ نہیں ہے۔

سینیٹر آغا پری گل، یہ تو اللہ کے گھر کی بات ہے، ثواب کمائیں۔ یہ ثواب کمائیں گے تو پھر اگلی دفعہ چھ سال کے لیے آئیں گے۔ یہ ثواب کمائیں۔ Thank you.

مختلف آوازیں، ہم تائید کرتے ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: سرور صاحب کو بھی سن لیں۔

سینیٹر آغا پری گل: میرے سوال کا جواب ضرور دیں۔

جناب چیئرمین: آغا صاحب دے رہے ہیں اور میری پوری حمایت حاصل ہے۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ: جناب چیئرمین! آپ کی مہربانی، آپ نے پچھلے benches والوں کو بھی موقع دیا۔ عرض یہ ہے کہ پچھلے سال جتنے بھی حاجی بھیجے گئے، جو آخری دس یا پندرہ ہزار آدمی بھیجے گئے، وہ سارے اعجاز الحق صاحب نے اپنی مرضی سے بھیجے ہیں اور اس کے لیے انہوں نے travelling agents کا ایک ٹولہ بنایا ہوا ہے، ان کے ذریعے ان حاجیوں کو بھیجا جاتا ہے اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ حج پالیسی ہے یہ کوئی متبرک گائے ہے جو House میں discuss نہیں ہوسکتی اور House میں اس کے لیے پالیسی نہ بنائی جا سکتی ہو۔ یہ عجیب سے حالات بنے ہوئے ہیں کہ سارے حاجیوں کو travelling agents کے ذریعے بھیجا جاتا ہے اور صرف ان سے کہا گیا ہے کہ آپ company بنائیں، فلاں چیز بنائیں اور اس کے مطابق آپ لوگوں کو بھیجیں۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے آپ سپلیمنٹری سوال پر رہیں، آپ یہ اور بات کر رہے ہیں، اس پر رہیں کہ کیا چاہتے ہیں، suggestion مختصر دیں تاکہ وہ جواب دیں اور اگلے سوال پر چلیں، وقت ختم ہو رہا ہے۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ: آغا صاحب تو دوسروں کا ملبہ صاف کرنے کے لیے ابھی آئے ہیں۔ اللہ کرے یہ ملک کے ملبے کو صاف کریں۔ بات یہ ہے کہ لوگوں کو بہت شکایت ہے کہ اس میں بہت زیادہ کرپشن ہو رہی ہے اور ہماری سینیٹر پری گل آغا صاحبہ نے کہا سارے سینیٹروں کی ایک بات ہے کہ پارلیمنٹیرین کس حساب میں ہیں کہ قاضی بھی نہیں جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: جواب سن لیں۔ کاکڑ صاحب! تشریف رکھیں تاکہ اس کی supplementaries ذرا short ہوں۔ سن لیں time ختم ہو رہا ہے۔ آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا، جہاں تک ہاؤس کے اندر پالیسی discuss کرنے کا تعلق ہے یہ بڑی اچھی تجویز ہے اور منسٹری کو اس معاملے میں recommend کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین، آپ move کریں۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ move کریں otherwise طریقہ کار یہ ہے کہ یہ move کریں اور اس ہاؤس کا حق ہے کہ کسی بھی پالیسی کو یہ discuss کر سکتا ہے۔ میرے خیال میں اس کو move کریں گے تو انشاء اللہ اس کو discuss کر لیا جائے گا۔ جہاں تک ان کے باقی سوال کے حصے کا تعلق ہے تو اگلے question میں اس کا جواب آ رہا ہے۔ اگلا question take up کر لیں، انشاء اللہ اس میں جواب آئے گا۔

جناب چیئرمین، جو کینٹ کے رہ گئے ہیں پہلے ان کو لے لیں۔

سینیٹر آغا پری گل، آج جب یہ پورا ہاؤس آپ کے ساتھ ہے تو آپ رولنگ دیں بس ختم، آپ کی رولنگ--------

جناب چیئرمین، رولنگ relevant نہیں ہوتی، یہ ایک procedural issue ہے، یہ ایک پالیسی ہے۔ ممبر نے بات کرنی ہے۔ میری رولنگ کی کیا ضرورت ہے۔ آپ نے کرنا ہے تو کریں آپ کی recommendation ہو گی۔

سینیٹر آغا پری گل، نہیں، نہیں، تین سال ہوگئے۔ آپ رولنگ دیں۔ آپ یہ تاریخی رولنگ دیں۔

جناب چیئرمین، اس کی کوئی بنیاد ہونی چاہیے۔

سینیٹر آغا پری گل، ابھی اللہ کے گھر کے لیے discuss کریں۔ یہ کوئی کیا-----

جناب چیئرمین، وہ میں نے تائید تو کہہ دیا ہے کہ میں تائید کرتا ہوں------

سینیٹر آغا پری گل، رولنگ دیں۔ رولنگ دیں، رولنگ، رولنگ-------

Mr. Chairman: Now we go to the question No. 14, Agha Sahib

پہلے چوہدری بھنڈر صاحب کا تھا آپ اس وقت نہیں تھے-------

سینیٹر آغا پری گل، نہیں یہ رولنگ دیں جناب۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب اس میں ایک--------

سینیٹر آغا پری گل، سر رولنگ دیں۔

جناب چیئرمین، نہیں رولنگ نہیں ہے' جب آپ move کریں گے تو تب میں رولنگ دوں گا۔ Procedure ایسا ہے۔ ایسے move نہیں ہوتا۔ آپ لکھ کر بھیجیں۔ Discussion ہو گی۔ اس کے بعد رولنگ آئے گی۔

سینیٹر آغا پری گل، آپ دیکھیں سارے ہاتھ اٹھا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، نہیں اس کا ایک procedure ہوتا ہے۔ منسٹر ہے ہی نہیں' منسٹر موجود ہی نہیں ہے اس نے آ کر سننا ہے۔ اس کو آپ سنیں گے۔ آپ discuss کریں گے۔ پھر ایک recommendation دیں گے۔

سینیٹر آغا پری گل، آج آپ نے بس رولنگ دینی ہے۔ بس آج آپ نے رولنگ دینی ہے۔ آپ نے رولنگ دینی ہی ہے۔ آپ نے رولنگ دینی ہے سارے آپ کے ساتھ ہیں۔

جناب چیئرمین، اس قسم کی رولنگ کی رول میں گنجائش ہی نہیں ہے۔

سینیٹر آغا پری گل، کیوں نہیں ہے گنجائش۔ آپ صرف یہ رولنگ دیں کہ تمام لوگ-----

جناب چیئرمین، پوچھ لیں۔ آپ کے ساتھ بیٹھے ہیں۔ لا منسٹر صاحب بیٹھے ہیں ان سے پوچھ لیں۔

سینیٹر آغا پری گل، نہیں' آپ رولنگ دیں کہ تمام سینیٹروں کو دس آدمیوں کا کوٹا دیا جائے گا------

جناب چیئرمین، اس قسم کی رولنگ کی رول میں گنجائش نہیں ہے۔ آپ کی نمائندگی کی تائید میں کر رہا ہوں۔ آپ کی demand کی تائید میں کر رہا ہوں لیکن اس قسم کی رول میں رولنگ کی گنجائش نہیں ہے-------

سینیٹر آغا پری گل، جناب چیئرمین صاحب! پہلے بھی تین سال تک تائید ہوتی رہی، کوئی بندہ بھی نہیں گیا ہے۔ ابھی آپ -----

جناب چیئرمین، آپ move کریں۔ اعجاز الحق صاحب آ جائیں گے یا ڈسکشن کریں گے اس کے بعد دیکھیں گے کہ کیا فیصلہ ہوتا ہے------

سینیٹر آغا پری گل، نہیں، نہیں غلط بات ہے۔ آج آپ رولنگ دیں۔ ہر سینیٹر کے دس بندے، ہر سینیٹر کے دس بندے حج پر بھیجے جائیں گے۔ بس۔

جناب چیئرمین، آغا صاحب! آپ یہ convey کر دیں۔ آغا صاحب مسکرا رہے ہیں اور سن رہے ہیں۔ جب وہ آپ کو جواب دے رہے ہیں۔ رولنگ کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ وہ آپ کی بات مان رہے ہیں-------

سینیٹر آغا پری گل، نہیں، نہیں آج آپ نے مانا نہیں تو کارروائی نہیں ہوگی۔ بند ہو گا------

(تمام اپوزیشن نے تائید کی اور ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین، بھئی میرے ساتھ کیا جھگڑا ہے۔

سینیٹر آغا پری گل، آج آپ نے مانا نہیں تو آج کارروائی بند ہوگی۔ بس! آج آپ مانیں گے۔ یہ اللہ کے گھر کی بات ہے ------

جناب چیئرمین، اگر رول میں گنجائش ہے تو سو دفعہ دے دوں۔ اب لاء منسٹر صاحب موجود ہیں۔ پوچھ لیں۔ کوئی ایسی رولنگ ہوتی ہے۔

سینیٹر آغا پری گل، آپ چیئرمین ہیں۔ میں لاء منسٹر کو کیوں پوچھوں۔

Mr. Chairman: I am bound by the rules.

سینیٹر آغا پری گل، آپ صرف یہ کہیں کہ ہر سینیٹر کو آئندہ دس دس بندوں کا کوٹا دیا جائے۔ بس، یہ تو کریں نا۔

جناب چیئرمین، یہ تو آپ نے کہا ہے۔ میں نے کہا ہے کہ میں تائید کرتا ہوں۔

آپ move کریں' discuss ہو' منسٹر یہاں ہو' رولنگ تب آتی ہے جب کوئی اختلاف ہو۔ منسٹر ہے نہیں' وہ ان کی نمائندگی کر رہے ہیں-----

سینیٹر آغا پری گل، اس وقت پورا سینیٹ move کر رہا ہے۔ آپ دیکھ لیں۔ اس سے زیادہ کیا ہو۔ پورا سینیٹ move کر رہا ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین، میں آپ کے ساتھ ہوں لیکن رولنگ کی تب ضرورت ہے جب کوئی اختلاف ہو' سارا سینیٹ ایک ہی بات کر رہا ہے تو پھر رولنگ کی کیا ضرورت ہے۔ ریزولیوشن کی ضرورت ہے۔ آپ پاس کریں اس کو pass on کر دیں گے۔

سینیٹر آغا پری گل، صرف آپ یہ کہیں کہ ہر سینیٹر کے دس دس بندے بھیجے جائیں گے۔

جناب چیئرمین، میں اس کی تائید کرتا ہوں۔ میں یہ کہہ نہیں سکتا ہوں۔ ریزولیوشن جو ہے آپ پاس کریں۔ جب اختلاف ہے تو میں رولنگ دوں گا۔ اگر کوئی اختلاف نہیں چھوڑا تو میں کیا رولنگ دوں۔

سینیٹر آغا پری گل، آپ ایک promise کریں۔ کل یہ سارے move کریں گے اور آپ پاس کریں گے۔

جناب چیئرمین، پاس آپ نے کرنا ہے۔ میں اس کو آگے ریزولیوشن کو -----

سینیٹر آغا پری گل، آپ ساتھ دیں گے تو میں پاس کروں گی۔

جناب چیئرمین، نہیں ریزولیوشن ہو گی تو میں ساتھ ہوں۔

سینیٹر آغا پری گل، چلیں' اب کل move کریں گے۔ ٹھیک ہے۔ چلیں ٹھیک ہے۔ او کے' شکریہ۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین، وسیم صاحب! پری گل آغا صاحبہ سے کہیں کہ ایک ruling دیں and every member should get a ten Haji's quota.

جناب وسیم سجاد، پری گل آغا صاحبہ اسی بات کی نفی کر رہی ہیں، یہ بالکل ٹھیک کہتی ہیں۔

Senator Agha Pari Gul: Very good.

جناب چیئرمین، چلیں کل move کریں تو پھر دیکھ لیتے ہیں۔

Question No. 14. Ch. Muhammad Anwar Bhinder.

@14. ***Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder:** (Notice received on 25-03-06 at 10.15 a.m.)

Will the Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat be pleased to state:

(a) whether it is a fact that an amount of Rs. 4000 million was provided in the current year's PSDP for Chashma Nuclear Power Project-CII, if so, the amount released and spent out of the same upto 31st January, 2006;

(b) the work completed on that project up to the said date; and

(c) the time by which this project will be completed?

Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat: (a) According to the approved Chashma Plant for 2005-2006 an amount of Rs. 4,000 million was allocated for the C-II Project. Whereas, the actual requirement for the year 2005-2006, based on the installment payments to the Chinese Contractor (CZEC) and the PAEC scope of work is Rs. 6,332.74 million.

(b) Till 31st January, 2006, PSDP release was Rs. 2,990.22 millio against which the spent amount is Rs. 2,745.14 million. Rest of the unspent amo it is also committed.

Major work completed is given below:—

(i) The basic design is complete.

(ii) Participation of PAEC personnel in the Basic design completed and participation in the detailed design is underway.

(iii) Site preparation work for construction is completed..

(iv) Ground breaking and first Concrete Pouring performed.

(v) Review of the Preliminary Safety Analysis Report (PSAR) is completed by PNRA and the construction permit is likely to be issued in March, 2006.

(vi) Evacation of Nuclear Island and Conventional Island completed. Dewatering of nuclear Island is in progress.

(vii) Erection of Concrete batching plants completed.

(viii) Till end February 2006, 12,431 m^3 of Concrete has been poured in the Nuclear Island and another 1,707m^3 has been poured in the Conventional Island.

(ix) Construction of accommodation and offices for Chinese expatriate is completed.

(x) Work on the detailed designing of the PAEC Scope of building is in progress.

(xi) Chinese Loans validated.

(xii) Five installment payments of Main Contract and three installment payments of Safety Enhancement Contract has been paid to the Chinese Contract against the Control Points.

(c) The Project completion date is July, 2011 which is two months ahead of the Project Schedule.

Mr. Chairman: Any supplementary? No supplementary. Next Question No. 15. Ch. Muhammad Anwar Bhinder.

@15. ***Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder:** (Notice received on 25-03-06 at 10.15 a.m.)

Will the Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat be pleased to state:

(a) whether it is a fact that an amount of Rs. 80 million was provided in the current year's PSDP for UP gradation of Nuclear Institute of Agriculture Bioloty (NIAB) Faisalabad, if so, the amount released and spent out of the same so far; and

(b) the time by which this project will be completed?

Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat: (a) An amount of Rs. 80 million is provided in the current year's PSDP for up gradation of Nuclear Institue of Agriculture & Biology (Niab), Faisalabad against which an amount of Rs. 64.5 million released and an amount of Rs. 64.350 million is committed/utilized.

(b) June, 2008.

Mr. Chairman: Any supplementary? No supplementary.

اگلا سوال نمبر 25 تھا' بلیدی صاحب موجود ہیں۔ پیچھے جائیے بلیدی صاحب' یہ Prime Minister Secretariat کا ہے' یہ رہ گیا تھا اور اب آغا صاحب آ گئے ہیں' یہ صفحہ نمبر 3 پر ہے۔

Question No. 25. Dr. Muhammad Ismail Buledi.

@25. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 20-03-06 at 9.41 p.m.)

Will the Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat be pleased to state whether it is a fact that the Government has recently released 37 billion rupees for the reconstruction of quake-affected areas of Azad Kashmir and NWFP, if so the district-wise break-up of the amount released?

Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat: It is correct that the ERRA Council have approved Development Budget worth Rs. 37.718 billion for reconstruction and Rehabilitation activities of the earthquake hit areas. This budget was subsequently approved by the Ministry of Finance and ERRA has been allowed to incur expenditure to that extent during the current financial year. These spending are, however, contingent upon the preparation of projects by the Provincial Earthquake Reconstruction Agency (PERA), NWFP and AJK Earthquake Reconstruction Agency (AJKERA). District-wise distribution of the Budget will be made on receipt of the project documents from these Agencies.

Mr. Chairman: Any supplementary? Yes Mr. Buledi.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب چیئرمین! میں نے یہ پوچھا تھا کہ آیا یہ حقیقت ہے کہ آزادکشمیر اور صوبہ سرحد میں زلزلے سے متاثر ہونے والے علاقوں میں حال ہی میں تعمیرِنو کے لیے حکومت نے 37 billion rupees جاری کیے ہیں' اگر ایسا ہو تو' جاری کی گئی رقم کی ضلع وار تفصیلات بتائی جائیں۔ جناب! اکثر یہ شکایت مل رہی ہے کہ یہ رقم ضلع وار تقسیم نہیں ہو رہی ہے۔ انہوں نے جو نیچے تفصیل دی ہے اس سے میں مطمئن نہیں ہوں۔ یہ ذرا بتائیں اور تحقیقات کریں کہ یہ رقم ضلع وار نہیں دی گئی ہے تو کیا یہ رقم آزادکشمیر اور صوبہ سرحد سے زلزلے کے متاثرہ اضلاع میں تقسیم کی گئی؟

جناب چیئرمین، آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! جہاں تک ان کے سوال کا تعلق ہے تو اس میں بڑی clear amount بتا دی گئی ہے کہ اس کا بجٹ 37 billion rupees تھا اور اگر یہ اس کا Zila-wise break up چاہتے ہیں تو یہ نیا سوال دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب! میرا رونا یہی ہے کہ میں نے Zila wise پوچھا ہے اور آپ نے نہیں بتایا۔

جناب چیئرمین، یہ Question No 25 ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، جی ہاں سوال نمبر 25 میں ہی ہے۔ میں اسی کے متعلق عرض کر رہا ہوں۔ کوئی بات نہیں بلیدی صاحب! تھوڑا حوصلہ کریں' اس میں ہو گا۔ اس میں PERA والوں نے کہا ہے کہ ہم نے دونوں صوبوں آزادکشمیر اور سرحد کی حکومت سے بھی یہ detail مانگی ہے۔ یہ آئندہ دس دنوں میں --------

جناب چیئرمین، اس میں آپ نے لکھا ہوا ہے کہ projects آئے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، ابھی ان کے projects آئے ہیں' وہ جیسے ہی تفصیل دیتے ہیں تو ہم انشاء اللہ وہ ہاؤس میں table کر دیں گے۔

جناب چیئرمین، یہ رقم مختص کی گئی ہے اور جیسے ہی projects آئیں گے کیونکہ

approval کا ایک procedure ہے اس کے تحت ہو گا۔

سینیٹر کامل علی آغا: انشاء اللہ اگلے دس دن میں وہ table کر دیں گے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! انہوں نے یہاں دس دن نہیں بتائے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں آپ کو بتا رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: وہ کہہ رہے ہیں کہ ابھی آئی ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: ان کے زیادہ سوالات ہیں اور ان جوابات کا بوجھ بڑھ رہا ہے اس لئے وہ سوالات کو نہیں پڑھتے۔ میں نے وضاحتاً ضلع وار پوچھا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ میں نے ضلع وار نہیں پوچھا۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں نے بتایا ہے کہ جیسے ہی projects آتے ہیں اور میں نے specifically کہہ دیا ہے کہ ہم اگلے دس دن میں ہاؤس میں table کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: انہوں نے آپ کو commitment دی ہے' اتنی تو آپ ان کو گنجائش دے دیں۔ جو سوالات رہ گئے تھے وہ cover ہو گئے ہیں۔

Now Question No. 48, Dr. Zahreeruddin Babar Awan.

48. ***Dr. Zaheer-Ud-Din Babar Awan:** (Notice received on 20-03-06 at 9.42 p.m.)

Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state the time by which gas will be provided to all the rural areas of Islamabad Capital Territory?

Mr. Amanullah Khan Jadoon: Under Khushal Pakistan Programme-I, supply of gas to Tarnol has already been completed. Further, SNGPL has received an amount of Rs. 12.543 million from the Government for supply of gas to Dhoke Koka, Railway Line, Mouza Ramzania, Kashmiran, Farooqi and Dhoke Abbasian and work will start during next fiscal year in a phased manner and shall be completed in two years. SNGPL has carried out survey of other rural areas (list attached) of Islamabad, which do not meet the per consumer cost criteria of Rs. 20,000/- fixed for the Province of Punjab. The Company can undertake this job, subject to receipt of funds of Rs. 213.970 million from the Government, as grant, as per the existing

policy. The said amount is over & above the approved criteria. (Cost estimates are based on unit construction cost for the year 2005-06).

Bahara Kahu	بھارہ کہو
Phul Gran	پھول گراں
Malpur	ملپور
Madina Town	مدینہ ٹاؤن
Rawat	رواٹ
Nai Abadi Kak	نئی آبادی کک
Maira Jaffar Gorja Road (Zone-I)	مائرہ جعفر گوجرہ روڈ [زون-I]
Shah Allah Dita (Zone-III)	شاہ اللہ دتہ [زون-III]
Tarnol and Out Skirts (Zone-II)	ترنول اینڈ آؤٹ سکرٹ [زون-II]
Kalangar (Zone-III)	کلنگر [زون-III]
Bhadana Fateh Jan Road (Zone-II)	بدانہ فتح جنگ روڈ [زون-II]

Mr. Chairman: Any supplementary? Dr. Zaheeruddin Babar Awan.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan. Sir, may I point out one thing with your permission. Honourable Mr. Chairman, the question was pertaining to the time frame within which the gas supply could be provided to all the habitants of rural Islamabad, that has not been answered. Kindly read the answer. The question has not been answered at all.

Mr. Chairman: I think without mentioning the wrod 'rural', mention the places wihin the vicinity of Islamabad, Tarnol.....

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: The urban

Islamabad, the honourable Chairman, has the gas supply already and may I read the question and there is absolutely no answer. I am not in habit of repeating it. Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state the time by which gas will be provided to all the rural areas of Islamabad Capital Territory, that is the question. Mengal sahib, not answered.

Mr. Chairman: Mr. Naseer Mangal.

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل (وزیر مملکت برائے پیٹرولیم و قدرتی وسائل)، جن علاقوں کی ادھر تفصیل دی گئی ہے' اس کو 12.543 million کی رقم وصول ہوئی ہے اور اس پر کام ہو رہا ہے اور دو سال میں مکمل کر دیا جائے گا۔

Mr. Chairman: I think,

ان کا point یہ ہے۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، اس کے علاوہ باقی تیسرے portion پر ہے کہ criterion 20000 کا ہے' یہاں اس کا survey کیا گیا ...213.970 million

جناب چیئرمین، مینگل صاحب! ان کا point یہ ہے کہ مختصراً answer تھا کہ ایک time frame تھا کہ اس سال میں' اس میں جو rural میں تھا کہ کس کس کو دے دیا ہے' وہ تو ہو چکا ہے۔ ان کا interest ہے کہ پورے علاقے میں جو رہ گئے ہیں غالباً زیادہ interest اس میں ہے۔ Am I correct?

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: That is the only question because...

جناب چیئرمین، وہ period چاہتے ہیں' پانچ سال' دو سال' تین سال' دس سال اس کے حساب سے۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جناب! اس کے لئے بتایا گیا ہے کہ دو سال میں اس

کو انشاء اللہ مکمل کیا جائے گا جو پیسے موصول ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین، جن جگہوں کا آپ نے نام لیا ہے۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جی ہاں، یہ تفصیل آئی ہوئی ہے، ان کو بھیج دی ہے۔

جناب چیئرمین، اور باقی۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، اور جو باقی ہیں ان کا survey ہوا ہے، 20000 سے زیادہ criteria میں آرہے ہیں، 213 million ہے، Government سے پیسے ملیں گے تو کوشش کر کے اس کو مکمل کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین، باقی جو ہیں، ان کا ابھی تک کوئی resources identified نہیں ہیں، اس لئے کوئی time frame نہیں دیا جا سکتا۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جی ہاں کیونکہ وہ اس criteria میں نہیں آتے۔ ویسے میں ایک بات کہوں، یہ صرف اس علاقے کے لئے نہیں ہے، پورے پاکستان میں کوشش کی جا رہی ہے کہ 2007 کے end تک گیس فراہم کی جائے، اس کے لئے ابھی resources کی کوشش کی جا رہی ہے۔

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: May I point out Mr. Chairman, with the permission of the Chair?

جناب چیئرمین، جی۔

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: There are 350 small and big villages in Islamabad, incidently this is my native National Assembly constituency and I have gone for the Election of the National Assembly in the year 2002 and the answer pertains only to 7 small villages, excluding Golrah Sharif, excluding all those areas which are there. My question is that which time frame is there, if there is no time frame they can come forward state before the House and they can say so.

اس میں بھی گول مول کرنے کی کیا ضرورت تھی؟

Mr. Chiarman: I think, it implies that.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: The implication has been drawn variably by the Chair and I have to be with the Chair always but the Ministry has not answered my question that is unfortunate part of it.

جناب چیئرمین، اچھا' انہوں نے آپ کو تفصیلات دیں good intention, but I think, may be short answer بھی اوپر لکھ کر پھر تفصیلات دے دیں تاکہ to the point جواب ہو جاتا ہے اور for detail you can refer to this کہ یہ یہ ہو گیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، یہ کیا چاہیں گے پھر جواب اور دیں گے یا کیا کریں گے؟ اس کو defer کر دیں۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے' اس میں جواب آ گیا ہے تھوڑا order فرق ہے اور انہوں نے جواب دے دیا ہے۔ If you have any other question otherwise بتا دیں you can ask the question

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، میرا ایک ہی سوال ہے جو ابھی تک unanswered ہے' آپ کی وضاحت سے مجھے اتفاق ہے لیکن یہ وضاحت Ministry نے نہیں کی۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ rural Islamabad کو کتنے time frame میں یہ sui gas دیں گے' اگر نہیں دیں گے تو وہ کہہ دیں کہ نہیں دیں گے' یہ سوال ہے۔

جناب چیئرمین، مینگل صاحب۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں' پہلے بھی وضاحت کر چکا ہوں کہ rural area میں survey ہو رہا ہے کہ اگر 20000 کے criteria سے زیادہ ہوا تو we will move to the Government اگر پیسے مل گئے تو survey ہو جائے تو پتا چلے گا۔

جناب چیئرمین، یہ جو survey ہو رہا ہے its basis is on the Rs. 20000 limit fixed.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: Sir, May I point out the answer which has been given is not in writing, the honourable Minister is telling something at his own, this is not the answer at all, in the answer it has been given.

Mr. Chairman: Now, it is recorded, what he said, it is recorded.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: No sir, it is pertaining to 7 villages only which are identified and not the rural area of Islamabd. Kindly read the answer, I am not reading anything which is not there and he is reading which is not there at all.

جناب چیئرمین، نہیں میں عرض کروں جو نیچے چھٹی line ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، آپ یہاں سے پڑھ لیجیے۔

The Company can undertake this job, subject to receipt of funds of Rs. 213.970 million from the Government, as grant, as per the existing policy. The said amount is over and above the approved criteria. Cost estimates are based on unit construction cost for the following villages.

اس سے اوپر والی line میں لکھا ہوا ہے کہ list attached and list attached includes only 7 villages.

جناب چیئرمین، اس سے ایک sentence پہلے چلے جائیں۔ SNGP has carried out survey of other rural areas (list attached).

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: List attached means, this is the list which is attached, these are 7 villages only, there is no

other village mentioned here. Why do they not give the answer straightaway, why the evasive answer?

Mr. Chairman: I think, it says, do not meet per consumer cost

وہ per consumer cost نہیں ہے۔

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: This refers only to 7 Dhokes, this refers only to 7 villages. I read it,

میں ان کے لئے translate کر دیتا ہوں، میں اردو میں پڑھ دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین، نہیں میرا خیال ہے، زیادہ time نہ لگے، آگے بھی time ختم ہو رہا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، یہ جواب دے دیں۔

جناب چیئرمین، نہیں، جواب تو دیا ہے، اگر writing میں نہیں ہے تو record ہو گیا ہے، جیسے وہ کہہ رہے ہیں کہ ابھی اس وقت کوئی ایسا plan نہیں ہے، دیکھ رہے ہیں۔ آپ خود check کر کے writing میں ہمیں جواب بھیج سکتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، جناب چیئرمین! روزانہ یہ کہتے ہیں کہ آٹھ ارب روپے وزیر اعظم نے اسلام آباد کے لئے رکھے ہیں۔ ایک سوال میں نے کیا کہ گیس جیسی بنیادی چیز rural areas کو کب دے رہے ہیں؟ ان کے پاس جواب نہیں ہے۔ آٹھ ارب روپے کا پروپیگنڈا ٹیلی وژن پر روزانہ کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ جواب دے دیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، معزز رکن میری بات کو سمجھنے کی کوشش نہیں کر رہے۔ سوال کے جواب کے ایک حصے میں ہم جواب دے چکے ہیں کہ کچھ علاقوں کو گیس فراہم کی گئی ہے اور کچھ کو فراہم کی جا رہی ہے، کچھ کا سروے ہوا ہے اس کے پیسے آئیں گے تو ہم مہیا کریں گے۔ سلیس اردو میں ہم سمجھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ پھر بھی میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا ہے کہ حکومت پاکستان وزارت پٹرولیم میں ہماری ایک میٹنگ ہوئی ہے۔ اس میں کوشش کی جا رہی ہے کہ جو آپ کہتے ہیں تو مزید علاقے ہم سروے کریں گے

by the end of 2007 پاکستان میں ہر جگہ پر، صرف ان علاقوں میں نہیں ہر جگہ گیس فراہم کی جائے گی۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: جناب! یہ اللہ دین کا چراغ ہی ہوسکتا ہے کہ ۲۰۰۷ء کے آخر میں پاکستان کے سارے علاقوں کو یہ گیس فراہم کر دیں گے۔ یہ اتنی بڑی خوشخبری دے رہے ہیں---------

جناب چیئرمین، کوشش کی جا رہی ہے -------

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، مجھے ایک سوال کا جواب چاہیے جو وہ نہیں دے رہے۔ پوری قوم کو گیس دینا اس کے لئے پائپ لائن بچھانا بہت اچھا کام ہے جو وہ کرلیں گے۔ سوال یہ ہے کہ ساڑھے تین سو کے قریب چھوٹے بڑے اسلام آباد کے NA-48 کے اندر اور NA-49 کے اندر دیہات ہیں ان علاقوں کے اندر صرف انہوں نے سات موضعات کی بات کی ہے اور سات موضعات میں انہوں نے کہا ہے کہ ہماری یہ، یہ مشکلات ہیں، کچھ criteria پر پورے نہیں آ رہے۔ The question is very simple. Mr. Chairman, the question is کہ کیا اسلام آباد کے سارے دیہات کو، اب پھر ویسا ہی جواب ہے کہ پورے پاکستان کو ہم گیس دے رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں اسلام آباد کے rural areas کو کتنے عرصے میں وزارت گیس فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ ۸ ارب روپے وزیر اعظم صاحب کے فنڈ کا روز پروپیگنڈا ہوتا ہے وہ آپ یہاں کیوں نہیں لگاتے؟

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل: جناب والا! میں معزز رکن کو سمجھانے کی کوشش کر رہا ہوں کہ there is a system اور اس سسٹم کے تحت بلوچستان کے لئے ایک لاکھ این ایچ اے سے لیا، سرحد کے لئے چالیس ہزار ہے، سندھ اور بلوچستان کے لئے بیس ہزار ہے۔ اس کے اندر جو آ جاتا ہے کمپنی فراہم کر دیتی ہے۔ اس سے above and over جو آتا ہے it is moved to the Government وزیر اعظم یا صدر سے لئے جاتے ہیں۔ ساتھ ہی یہ کہہ رہے ہیں کہ ان کے نوٹس میں آنا چاہیے کہ حال ہی میں ہم نے جہلم میں ایک پلانٹ لگا دیا ہے، گوادر

میں بھی اگر یہ کامیاب ہوتا ہے تو پھر پائپ لائن بچھائی جائے گی ایسے دیہاتوں اور علاقوں میں جہاں پائپ لائن نہیں بچھائی جا سکتی ہے اس سسٹم کے تحت اگر کامیاب ہو جائیں تو ہم گیس دے دیں گے۔ مزید جب ادھر پائپ لائن ہوگی we will use the system کوشش کر رہے ہیں اگر یہ سمجھنے کی کوشش کریں۔

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: No time frame, again, the answer is not there.

Mr. Chairman: Yes, we will send it to them.

سینیٹر محمد امجد عباس، جناب! جب بھی پنجاب کے بارے میں سوال آتا ہے تو یہی جواب آتا ہے کہ it does not meet the criteria اور ہم نے یہ پہلے بھی کئی دفعہ کہا تھا کہ آیا یہ criteria set ہوا ہے۔ I don't know. 1970 میں set ہوا تھا کب ہوا تھا؟ کب منسٹری revise کرے گی؟ اب تو cost اتنی اوپر چلی گئی کہ کسی بھی علاقے کا آپ سروے کرلیں it would not be feasible. 20000 is a way to too low workout price to meet the criteria. اس کو کب یہ hire کریں گے پنجاب کے لئے؟

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جناب! یہ موجود ہے صوبائی حکومت سے رابطہ کیا جائے گا لیکن جیسے معزز رکن نے کہا ہے، حال ہی میں ہم دس پندرہ جگہوں پر جا کر پنجاب میں افتتاح کر چکے ہیں۔ جب handover ہوتا ہے تو وزیر اعظم کے اپنے special package سے جاتا ہے اور معزز رکن نے میرے خیال سے وہاں سے گرانٹ لی ہوگی اپنے علاقے کے لئے۔ اگر نہیں ملی ہے he should approach the Prime Minister or the President. باقی کئی پنجاب کے علاقوں میں، خود وزیر اعظم کے ساتھ حال ہی میں ہم افتتاح کر چکے ہیں۔

جناب چیئرمین، مسٹر نثار میمن۔

سینیٹر نثار احمد میمن، جناب چیئرمین! میں وزیر موصوف کی مدد کرنا چاہتا ہوں چونکہ وہ سوال کا جواب دینے میں ناکام رہے ہیں۔ وزیر صاحب! بات یہ ہو رہی ہے کہ انہوں نے سادہ سا سوال پوچھا کہ اسلام آباد حدود کے اندر دیہی علاقہ جات میں آپ کہاں کہاں گیس دے

رہے ہیں؟ تو آپ کے جواب میں یہ چند گاؤں آئے ہیں۔ اگر آپ اس کا معائنہ کریں تو بڑے گاؤں بھی، بنی گالہ جیسے گاؤں بھی آجاتے تو آپ سے میرا سوال یہ ہے کہ اگر آپ اس چیز کی وضاحت کریں کہ دوسرے کتنے گاؤں ہیں جو اس criteria پر آتے ہیں جو آپ نے نہیں دیے تو واضح ہو جائے گا کہ ابھی آٹھ دس ہیں باقی ایک سو پچاس ہیں یا پانچ ہیں اس کی وضاحت کر دیجیے ہو سکتا ہے معاملہ حل ہو جائے؟

جناب چیئرمین، جی وزیر صاحب۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، ان کی اردو کمزور ہے، یہ ابھی حال ہی میں امریکہ سے ہو کر آئے ہیں، ہم نے کہا ہے کہ ہم سب کا سروے کریں گے۔ دو مہینے واٹر پر کافی کام کیا کہ ان کو منسٹری ملے، وہ نہیں ملی۔ اب اس کو جھٹلا رہے ہیں، خدا کرے ان کو منسٹری مل جائے، ہماری جان چھوٹ جائے۔

جناب چیئرمین، ایسے personal comments نہ کریں، ایسی باتیں نہ کریں جو expunge ہوں۔

سینیٹر نثار احمد میمن، میں پھر ان سے کہوں گا کہ جائیے! وزارت سے پوچھیے کہ کون سے گاؤں ہیں؟ آپ کی میں مدد کر سکتا ہوں گاؤں میں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، آپ واٹر میں مدد نہیں کر سکے وہ رپورٹ مکمل نہیں ہو سکی، آپ کے ممبران ساتھ نہیں دے سکے، آپ میری کیا مدد کریں گے؟ I am incharge of the Ministry. اور میں صحیح کہہ رہا ہوں۔ آپ منسٹری ویسے لے لیں کیوں ایسی باتیں کرتے ہیں۔

Mr. Chairman: Let us not be personal. Let us have order in the House. Sardar Jamal Khan.

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری، میں منسٹر صاحب کی منسٹری لینے کے لیے یہ point نہیں اٹھاؤں گا۔

Mr. Chairman: No personal comments.

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری ، لیکن I would like to clarify one thing بابر اعوان صاحب نے اسلام آباد کی جو بات کی ہے میں ان کی مکمل طور پر تائید کرتے ہوئے یہ بات کہنا چاہوں گا کہ ضلع ڈیرہ غازی خان میں ڈھوڈک سے گیس نکل رہی ہے۔ جس ضلع میں گیس نکلتی ہے کم از کم ان اضلاع کے اندر سب سے پہلے جو rural population centers ہیں ان کو گیس اگر فراہم نہیں کی جائے گی تو احساس محرومی بڑھتا جائے گا۔ اسلام آباد کے اندر جو rural centers ہیں ان کو گیس کی فراہمی اس لیے اشد ضروری ہے کیونکہ وہ capital ہے اور وہ capital پاکستان کی پہچان ہے لیکن جو اضلاع اس وقت سوئی گیس یا ڈھوڈک گیس produce کر رہے ہیں یا کسی اور گیس کے نام سے، کم از کم ان کے major towns, headquarters and rural centers کو گیس کی فراہمی ہونی چاہیے اور اس کے لیے منسٹر صاحب کو کوئی مثبت اقدام اٹھانے چاہییں، شکریہ۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! میں گزارش کرنا چاہوں گا کہ جو سوئی گیس آرگنائزیشن ہے اور متعلقہ وزارت کی جو پالیسی ہے اور گیس آرگنائزیشن کی جو پالیسی ہے اس کو ہم اس ایوان کے اندر discuss کرتے ہیں اور اس کے لیے ہم کوئی مشترکہ motion لاتے ہیں تاکہ ہمیں اس کے متعلق پتا چلے اور اس میں جو ترمیم کرنا چاہیں، جو اس طرف سے بات آ رہی ہے اور اس طرف سے بات آ رہی ہے کیونکہ اس آرگنائزیشن کی جو پالیسی ہوگی جب تک اس میں ہم ترمیم نہیں لائیں گے متعلقہ وزیر صاحب اس میں کچھ اضافہ نہیں کر سکیں گے۔ میرے خیال میں ہم اس کو discuss کرکے اس میں جو ضروری ترمیم ہو، وہ کرکے ان کو recommend کریں تاکہ وہ facilitate ہوں اور وہ معاملہ عوام کی فلاح کے لیے قابل قبول بن سکے۔

جناب چیئرمین، بالکل move کریں۔ سینیٹر رضا محمد رضا۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب چیئرمین! نئی motion کی ضرورت نہیں، پارلیمانی کمیٹی کی سفارشات ہیں، اس میں تمام پارٹیوں کے دونوں ایوانوں کے نمائندے شامل تھے۔ اس میں یہ clear فیصلہ دیا گیا ہے کہ جہاں گیس پیدا ہوتی ہو اس ضلع کو سب سے پہلے گیس ملنی چاہیے۔

لغاری صاحب جو فرما رہے ہیں یہ بات درست ہے۔ اب کوہاٹ، شکردرہ، کرک میں گیس کے بہت بڑے ذخائر دریافت ہوئے ہیں اور وہاں کے لوگ ہر روز احتجاج کر رہے ہیں اور ان کا یہی مطالبہ ہے کہ سب سے پہلے ہمیں گیس مہیا کی جائے۔ جہاں تک اس بدقسمت شہر اسلام آباد کا تعلق ہے، یہ تو نام کا capital ہے اصل میں تو یہ office ہے capital تو ہمارا لاہور ہے۔

جناب چیئرمین، رضا صاحب! to the point رہیں۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب والا! اسلام آباد کے عوام کے لیے کوئی اقدام نہیں ہو رہا۔ اس کو office کے طور پر رکھا جا رہا ہے۔ یہ ہمارا آفس ہے، یہ آفس کے طور پر چلا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، ایسی کوئی بات نہیں، تشریف رکھیے۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ عوام کی فلاح کی بات تو کر نہیں رہے، point scoring کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، بالکل ٹھیک ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، میرے خیال میں جو تجویز ہے وہ آگئی ہے اس لیے انشاء اللہ اس پر عمل کریں گے۔ پری گل آغا اور ہم مل کر ایک موشن لا رہے ہیں اس کے بعد discuss کریں گے۔

جناب چیئرمین، آپ move کریں it can be discussed. اس پر سارا criterion آجائے گا۔

سینیٹر آغا پری گل، جناب چیئرمین! یہ تو بڑی غلط بات ہے کہ یہ آپس میں لڑ رہے ہیں۔ یہ کیا عوامی نمائندگی کر رہے ہیں۔ یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ایک بندہ دوسرے بندے پر کیچڑ اچھال رہا ہے۔ یہ غلط ہے۔ کم از کم اگر ہم عوام کے لیے بولتے ہیں تو عوام کے لیے بولیں لیکن یہ تو اپنی ذاتوں کے لیے بول رہے ہیں۔ ایک دم میمن صاحب نے نصیر مینگل کو کہا، یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ یہ روایت نہیں ہونی چاہیے۔

Mr. Chairman: I think your question has gained a lot of interest.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: I will say with the

honourable Chairman's permission just one sentence. The sentence is,

اس معزز ایوان کا دو وجوہات سے یہ استحقاق ہے کہ forth right اور سیدھے جواب یہاں آنے چاہییں۔ پہلی بات یہ ہے کہ ایک منٹ پر اس قوم کا ایک لاکھ چھ ہزار روپیہ اس معزز ایوان کو یہاں بٹھانے میں خرچ ہو رہا ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ یہ قوم کا استحقاق ہے کہ سیدھے جواب آنے چاہییں۔ دوسری بات یہ ہے کہ کسی کا کوئی personal interest نہیں ہے'

this is a question of public importance which is raised and it was supported by both sides of the House.

Mr. Chairman: I think the solution has been given by Agha sahib. So, let us move a resolution and discuss in detail,

اس میں ساری چیزیں سامنے آجائیں گی۔ جواب دیا ہے منسٹری نے۔

Now, we will take up the last question No. 49, Mr. Muhammad Ghufran.

49. ***Mr. Muhammad Ghufran Khan:** (Notice received on 20-03-06 at 9.45 p.m.)

Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to supply natural gas to villages Karnal Sher Kili, Shaikh Jana, Shewa Turlandi, southern and northern Razar, district Swabi, NWFP, if so, when?

Mr. Amanullah Khan Jadoon: At present, there is no proposal to supply gas to Karnal Sher Kili, Shiakh Jana and Shewa, Turlandi. However, SNGPL has sent a survey team to Southern and Northern Razar to work out feasibility of gas supply to these areas.

Mr. Chairman: Any supplementary question? Yes, Mr. Ghufran.

سینیٹر محمد غفران خان: سوال نمبر 49 میں' میں نے جو village اور town Sui gas کے لیے دیے تھے اس کا مجھے جواب آیا ہے' "no proposal". As it is, وہی' اسی طرح کا سوال نمبر 65 پروفیسر ابراہیم صاحب کا ہے جس میں the same village, same town ہے'

اس کے لیے جواب آیا ہے کہ ."yes" لہٰذا میرا سوال یہ ہے کہ میں اس پر عمل کروں گا یا اس پر۔ Yes ہوگا یا no ہوگا۔ In case اگر وہ "yes" ہے تو یہ کب ہوگا اور اس کے لیے کوئی time frame ہے۔

جناب چیئرمین، اس میں ضلع صوابی ہے اور یہاں پر ہے کرنل شیر کلے جو اسی کا ہے جو specifically آپ نے بتائے ہیں۔ یہاں لکھا ہے کہ feasibility ہو رہی ہے اور وہاں لکھا ہے ."no" I think پورے district میں شاید نہیں ہوگا' جو areas mention کیے ہیں ان کے لیے feasibility شاید ہو رہی ہے اور شاید کچھ علاقے district کے رہ گئے ہوں گے۔ بہر حال مینگل صاحب کو سن لیں۔ مینگل صاحب آپ دونوں کو cross connect کرکے جواب دے دیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جناب! اس میں وہی چیز ہے کہ دونوں میں بتایا گیا ہے کہ ابھی تک کچھ نہیں ہے' صرف اس کا survey کیا گیا ہے۔ Sui Northern نے ان علاقوں کو گیس کی فراہمی کے قابل عمل ہونے کے لیے ایک سروے ٹیم بھیجی ہے۔ دوسرے میں اس کی detail دی گئی ہے کہ یہ سروے ہوگیا ہے۔ جیسے ہی اس کے لیے پیسے آجاتے ہیں حکومت سے رجوع کیا جائے گا اور پیسے مل گئے تو انشاء اللہ gas فراہم کر دیں گے۔

سینیٹر محمد غفران خان، میرا سوال بھی بالکل وہی ہے کہ جو town اور village ہیں وہ پروفیسر ابراہیم صاحب کے سوال میں بھی ہیں اور اسی کے لیے مجھے "no" اور ان کے لیے "yes" کہا گیا ہے۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، آپ کے سوال کے جواب میں لکھا ہوا ہے کہ سروے ٹیم بھیجی گئی ہے اس علاقے کو سروے کرنے کے لیے۔ ابراہیم صاحب کے سوال کے جواب میں بتایا گیا ہے کہ اس کا سروے ہوگیا ہے اور اس سروے کے مطابق جائزہ لے رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، ابراہیم صاحب کا سوال ایک مہینے بعد کا ہے' شاید اس دوران کچھ ہو گیا ہو۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، فنڈ کی وصولی کے بعد جب ان کے لیے پیسے منظور ہوجائیں اور مل جائیں گے تو پھر اس کا جائزہ لیا جائے گا۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان، میرا سوال ایک مہینے بعد کا ہے اور اس میں غفران صاحب نے جو پوچھا ہے' گاؤں کے نام بھی شیخ جانا' شیوہ' ترلاندی' یہ صفحہ 15 پر ان کے سوال میں لکھا ہے اور میرے سوال کے جواب میں صفحہ 33 پر یہی گاؤں ہیں' شیخ جانا' شیوہ' ترلاندی اور اس میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ

"yes, there is a proposal under consideration".

جناب چیئرمین، میرے خیال میں دونوں ٹھیک ہیں۔ دیکھیں ایک' ایک مہینہ پہلے کا ہے' اس میں feasibility چل رہی ہے اور سروے ٹیم بھیجی ہوئی ہے۔ ایک سروے ٹیم نے آکر اپنی جو recommendations دی ہیں' اس کا جواب ایک مہینے بعد آگیا ہے۔ ٹھیک ہے نا جی۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان، یہاں تو ایک ہی دن دونوں کے جوابات دیے جا رہے ہیں۔ یہاں پر جواب کو update ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین، جواب تو بے شک ایک دن دیا جا رہا ہے لیکن اس کا جواب پہلے آچکا ہوگا۔ ہمارا چونکہ سیشن نہیں ہوا تھا۔ اس کا جواب پہلے کا آیا ہوا اور ریکارڈ پر پڑا رہا ہوگا۔ یہ بعد میں گیا اور اس کا updated جواب بعد میں آگیا ہوگا۔ آپ کے سوال کا جو جواب ہے that is the current status. جی رزینہ عالم صاحبہ! آپ کا اس پر سوال تھا۔

سینیٹر رزینہ عالم خان، میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جن ٹیموں کا ذکر کیا گیا ہے کہ وہ روانہ ہوگئی ہیں' کیا ان کو کوئی time frame دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین، جواب آگیا ہے۔

We will take up question 52. I said last. This will be the last because it has given an answer to issue that was raised. No 52.

پھر 51 بھی لے لیں اس کے بعد 52 پر آتے ہیں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب چیئرمین! ساٹھ دنوں میں جواب نہیں آیا اس کی کیا وجہ ہے؟

جناب چیئرمین، 20th مارچ کا ہے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، اگر پنڈی کا یہ حال ہے تو پھر باقی ملک کا تو اللہ ہی حافظ ہے۔ یہ غنیمت موقع ہے کہ آج وزیر صاحب موجود ہیں۔

جناب چیئرمین، جی لیاقت صاحب! 50 کا جواب نہیں آیا۔ آپ کے پاس کوئی up date جواب ہے۔ سوال نمبر 50۔

Mr. Liaquat Ali Jatoi: I was not here. I have got the reply.

جناب چیئرمین، سوال نمبر 50 کا دے دیں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، تو ہاؤس میں پیش کریں۔

جناب چیئرمین، بیٹھیں، بیٹھیں ابھی آپ کو جواب دے رہے ہیں۔ سوال نمبر 50 لیاقت علی جتوئی۔

Mr. Liaquat Ali Jatoi: Sir, if there is any supplementary, I think, I will be ready to do it. Question No 50 has been asked by Rahmatullah Kakar.

Mr. Chairman: There is no reply. Its reply not received with us. Do you have the answer with you? Or should we defer it.

Mr. Liaquat Ali Jatoi: I have got the reply for 55 not 50. If it is deferred we will do it later.

(Interruption)

جناب چیئرمین، کاکڑ صاحب! میں عرض کروں کہ Question Hour میں زیادہ بحث نہیں ہے۔ جواب نہیں ہے۔ منسٹر صاحب بیٹھے ہیں وہ کہتے ہیں کہ next time دے دیں۔

گے۔ آپ کا question pending پڑا ہے۔ We will check up کہ کیوں delay ہوتا ہے۔

We will do that but let us not take more time.....

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ، 60 دنوں میں اگر جواب نہیں آیا۔

جناب چیئرمین، نہیں آیا۔

I can see it also, we will ask for the explanation. When the reply will come, we will do that. Now the Minister does not have the detail. We will go on to question No. 51. Mst. Afia Zia.

(مداخلت)

جناب چیئرمین، بلیدی صاحب! آپ وہی بات دہرا رہے ہیں جو کاکڑ صاحب نے کہی ہے۔ منسٹر صاحب کو کہا ہے۔ جب جواب آئے گا ہم پوچھ لیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، بلیدی صاحب! آپ تشریف رکھیے، پہلے ہی وقت کم ہے۔ نمبر 51 عافیہ ضیا۔

51. ***Mst. Afia Zia:** (Notice received on 21-03-06 at 11.10 a.m.)

ہم نے اس ملک میں مہنگائی کو کنٹرول کرنا ہے تو میں نے again State Bank Governor سے کہا کہ میں اپنی کوئی general بات نہیں کروں گا۔ جناب! production of major crops کے حوالے سے اسی سٹیٹ بنک کی رپورٹ میں ہے کہ کاٹن اور شوگرکین میں reduction ہوئی ہے۔ جناب! 11.2% پچھلے سال کے مقابلے میں جو change expect کی جا رہی ہے وہ پندرہ ملین tons of bails سے 12.7 tons of bails expected ہے۔ یہ ہماری حالت ہے۔ جناب! مہنگائی دور ہوگی تو صرف production کو increase کرنے سے ہوگی اور یہی حال sugarcane کا ہے کہ پچاس ملین ٹن سے یہ چالیس ملین ٹن یعنی کوئی پندرہ فیصد اس میں بھی reduction متوقع ہے۔ تو جناب! یہ حکومت کی policies جو ہیں آپ کسی بھی indicator کو لے لیں وہ اس کو بالکل highlight نہیں کر رہا کہ ایک غریب آدمی بھی اس حکومت کی priority ہے۔ ہم نے دیکھا کہ اربوں روپے کے taxes جو آسانی سے اس ملک میں آ رہے تھے ان کو ہم نے ختم کیا۔ Wealth tax کو abolish کیا' ہم نے جو new resources identify کیے ہیں' ان کو ہم نے ختم کیا۔ کیا یہ سارے اربوں روپے اکٹھے کرکے اس سے آپ rural improvement کر سکتے تھے؟ Drinking water کے لیے' education کے لیے' health کے لیے کر سکتے تھے تو آج ان کو یہ سمجھ آئی ہے اور آج پہلی دفعہ بیان آیا ہے کہ مہنگائی'

one thing has been established Mr. Presiding Officer, that the Government has today agreed, the voice of opposition has been acknowledged that

مہنگائی اس ملک میں ہے اور اس کے لیے کچھ کرنا ہوگا۔ ہم اسی کے لیے پچھلے دو سال سے چیخ رہے ہیں' آج اس حکومت کو دو سال کا وقت ضائع کرنے کے بعد یہ accept کرنا پڑا ہے تو جناب I hope چند دن رہ گئے ہیں ابھی بھی it is never too late کہ اس دفعہ جو elite class ہے جو multi-nationals ہیں' جو بڑی بڑی کمپنیاں ہیں they can wait for relief for a couple of years. خدا کے لیے the entire budget should be focused for a common man in this country. اس کے لیے جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ

Government needs to change its mind-set , unless they change the mindset , we will see another same budget and we will be discussing after two weeks , the same problems that we have been discussing for the last 5 years. Mr. Chairman, you are looking the watch. Sir, the main idea is

we have given different proposals in کہ جو ابھی بجٹ بن رہا ہے ابھی بھی قائم ہے this House. ابھی پانچ یا چھ مئی کو فنانس کمیٹی کی میٹنگ ہوئی ہے ایک پاکستانی اور اس ایوان کا ممبر ہونے کی حیثیت سے اس میں بھی proposals دی ہیں' اس میں بھی سی بی آر کو کہا ہے' مثلاً آپ دیکھیں کہ یہ جو spread ہے' جناب والا! کوئی institution عام آدمی کے لیے کام نہیں کر رہا' بنکوں کا spread چیئرمین نے بریفنگ دی' بنکوں کی یہ حالت ہے کہ جو maximum spread کسی ملک میں آپ دیکھیں کہ جو آپ borrower کو charge کر رہے ہیں that is the maximum spread in this اور جو آپ deposit holder کو دے رہے ہیں ۔ country اور پیسے savings accounts میں کن لوگوں کے ہوتے ہیں' widows, کے' pensioner کے' غریب لوگوں کے' جو بڑا businessman ہے وہ تو saving account میں پیسے نہیں رکھے گا۔ تو جناب یہ ساری corrective چیزیں کرنے کی ضرورت ہے اور فنانس کمیٹی میں ہم نے یہی عرض کیا ہے suggestions دی ہیں کہ آپ focus کریں کہ

how can you pass relief to the common man , an average investor , an average Pakistani , only then the budget will be discharging the true responsibility of this House because we are in an advisory capacity sir . we can only give proposals.

تو میں اس کے ساتھ شکریہ ادا کرتا ہوں

as I said that it is not the time to go into details of the budget mega and the micro indicators, thank you sir.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Thank you Dar Sahib. رزینہ عالم صاحبہ۔

سینیٹر رزینہ عالم خان، سب سے پہلے تو میں جو ہمارے mover ہیں پروفیسر خورشید احمد صاحب اور ان کے ساتھ باقی معزز اراکین' ان کا شکریہ ادا کروں گی کہ اتنا اہم موضوع دوبارہ discussion کے لیے اور ایسے وقت میں آیا جبکہ ہمارے ہاں بجٹ کی آمد آمد ہے۔

جناب والا! جہاں تک معیشت کا تعلق ہے وہ مستحکم ہے اگرچہ جو growth rate ہے وہ پچھلی دفعہ 8.4% تھا اب اس دفعہ ساڑھے چھ اور سات کے درمیان expected ہے۔ 6 % سے زیادہ growth rate والی اکانومی مستحکم ہی سمجھی جاتی ہے لیکن ضرورت اس چیز ہے کہ ہم fiscally responsible nation کے طور پر رہیں اور یہ دیکھیں کہ growth rate sustainable ہو مستحکم رہے۔

جناب والا! جہاں تک مہنگائی کا تعلق ہے یہ حقیقت ہے کہ قیمتیں بڑھ رہی ہیں اور یہ آج accept نہیں کیا گیا جب price control کرنے کے لیے price committees بنی تھیں اس وقت یہ چیز بھی حکومت کے علم میں تھی کہ مہنگائی ہے جس کی وجہ سے وہ کمیٹیاں بنی تھیں اور جس کی وجہ سے وزیر اعظم صاحب اور صدر صاحب نے مل کر ایک meeting call کی تھی جس میں صوبائی حکومتوں کو بھی بلایا تھا اور اس میں ان کو قیمتیں کم کرنے کے لیے اور مستحکم کرنے کے لیے ہدایات جاری کی تھیں۔

جناب والا! یہ ایک ترقی پذیر ملک ہے اور ہر سال ہمارا جو developmental expenditure ہے اس میں ایک بڑی رقم خرچ کی جاتی ہے۔ اس بجٹ میں بھی اور جو پچھلا ہے اس میں بھی PSDP میں 305 billion روپے کی رقم allocate ہوئی تھی۔ جب اتنی رقم circulation میں آتی ہے تو اس کا جو multiple effect ہوتا ہے اس سے inflation بڑھتا ہے لیکن اس کو کنٹرول کرنے کے لیے اللہ کا شکر ہے کہ اس دفعہ جو رپورٹ ہے اس میں 1. 2%inflation کم ہوئی ہے۔ جناب والا! اس کی بہت زیادہ وجوہات ہیں۔ ہمارا یہ معزز ایوان' میں اور ہماری قوم جانتی ہے کہ demand and supply یہ دو factor ہیں جو price کو determine کرتے ہیں اور اس میں قیمت کم کرنے کے لیے یا قیمتوں کو مستحکم کرنے کے لیے جو حکومت کو احساس ہے میں سمجھتی ہوں کہ اس کا ثبوت پچھلے اگر ہم چھ مہینے کی کارروائی دیکھیں کہ انہوں

نے کیا کیا steps اٹھائے ہیں اور باقاعدہ صوبائی اورضلعی سطح پر کمیٹیاں بنی ہیں تاکہ وہ قیمتوں کو کنٹرول کریں۔ ان کی price list لگے لیکن پھر بھی قیمتیں حقیقتاً ایسی ہیں کہ ہماری عوام تکلیف میں ہے۔ جو fix income طبقہ ہے اس کی purchasing حقیقتاً بہت کم ہو گئی ہے۔

جناب والا! چونکہ وقت کم ہے میں کچھ suggestions دینا چاہوں گی اس لیے کہ جہاں تک حکومت پنجاب میں سستا آٹا بک رہا ہے' سستی چینی یوٹیلیٹی سٹورز میں' میں نے خود دیکھی کہ 27 روپے فی کلو اگر وہ اپنا ID card یا اپنا کوئی بل دکھائیں تو ملتی ہے۔ گورنمنٹ نے جو بھی steps لیے ہیں میں سمجھتی ہوں کہ ان کو موثر بنانے کی ضرورت ہے۔

جہاں تک price control committees کا تعلق ہے میں یہ چاہتی ہوں کہ اس کو یونین کونسل گاؤں اور محلوں کے level تک لے جایا جائے اور اس کا باقاعدہ حساب کتاب رکھا جائے۔ وہ پوری اپنی رپورٹ دیں کہ کونسی قیمت کس product کی' کتنی بڑھی ہے۔ اس کے علاوہ جناب والا! ہمارے ہاں جو 430 کے قریب یوٹیلیٹی سٹورز ہیں ان کی تعداد بڑھائی جائے کیونکہ اگر حکومت قیمت کنٹرول کر سکتی ہے تو ان سٹورز پر ہی کر سکتی ہے۔ میں تو یہ suggestion دوں گی کہ چھوٹے چھوٹے outlets کھولے جائیں اور ان میں پانچ اشیاء' جس میں آٹا' چینی' گھی' دالیں اور kerosine oil ہوں یہ پانچ چیزوں چھوٹے چھوٹے outlets میں ملک میں عوام کے لیے میسر ہوں۔ بجٹ کے ساتھ ان اشیاء کی قیمتوں کی ایک فہرست شائع ہو اور حکومت کی طرف سے یہ یقین دہانی کرائی جائے کہ ان چیزوں کی قیمتیں پورے سال میں نہیں بڑھیں گی۔ اگر demand and supply factor کی وجہ سے بڑھتی ہیں تو اس کی subsidy حکومت دے۔ وہ چیزیں ان out lets سے وہ لوگ خرید سکیں جو poverty line سے below ہوں۔ نادرا کے کارڈ سے آرام سے ان کے لیے کارڈز بن سکتے ہیں یہ میری آئندہ کے لیے تجویز ہے۔

جناب والا! اس کے علاوہ زراعت جس کا 23 اور 25 فیصد ہمارے GDP کا حصہ ہوتا ہے اس کے فروغ کے لیے جیسے ہمارے معزز اراکین نے پہلے بھی کہا ہے کہ اس کے فروغ کے لئے اقدامات ہونے چاہییں۔ چونکہ ہمارا صرف 47% area under cultivation ہے اس سے زیادہ نہیں ہے۔ جس کی وجوہات بہت سی ہیں اس میں آبی وسائل کی کمی بھی ہے۔ اس

بجٹ میں ڈیم کے لیے ضرور provision ہو اور ڈیم بننے چاہییں۔ اس کے لیے چھوٹی موٹی قربانیاں اگر as a nation ہم دیتے ہیں۔ میں جناب والا! چائنا کی مثال دیتی ہوں کہ سنٹرل چائنا میں three dams کے ذریعے بہت زیادہ گاؤں زیر آب گئے تھے اور بہت زیادہ قربانیاں وہاں کے لوگوں نے دیں، لیکن ملک کی خوشحالی ایک ایسی چیز ہے جس سے قومیں وہی زندہ رہتی ہیں جو ملک کے لیے قربانیاں دیتی ہیں۔ اس میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں ہونی چاہیے۔ ڈیم بنانے کے لیے جو بھی ہمارے resources ہیں ان کو سامنے لانا چاہیے۔ زراعت کے فروغ کے لیے جیسے پنجاب نے کیا ہے کہ ٹیوب ویل پر subsidy دوبارہ شروع کی ہے تو میں یہ کہوں گی کہ یہ باقی صوبوں کے لیے بھی ضروری ہے کہ ٹیوب کی بجلی پر subsidy دی جائے تاکہ کسانوں کے اوپر بوجھ نہ پڑے۔

جناب والا! اس کے علاوہ demand کو کم کرنے کے لیے میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ حکومتی سطح پر بھی اور نجی سطح پر بھی austerity drive شروع کی جائے تاکہ ہم سادگی کی طرف آئیں۔ غیر ضروری اخراجات سے اجتناب کرنے کے لیے ایک باقاعدہ مہم شروع کی جانی چاہیے۔ جہاں تک ٹیکس کا نظام ہے اس کو بھی آسان بنانا چاہیے اور جو 218 ارب روپے کی ٹیکس چوری ہے اس کو روکنے کا کوئی نہ کوئی طریقہ ہونا چاہیے۔ مجھے امید ہے کہ جو یقین دہانیاں بجٹ کے بارے میں حکومت کی جانب سے آ رہی ہیں کہ وہ عوام دوست ہوگا، مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ وہ عوام دوست ہوگا۔ لیکن ہم قوم کے افراد کے طور پر اگر ہم ان چیزوں میں حکومت کا ساتھ دیں گے۔۔۔۔

میں ایک چھوٹی سی بات چینی کے بارے میں کہنا چاہتی ہوں کہ چینی کی کمی ہے۔ اس کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں، اس کی سپلائی کم ہے اس کی demand زیادہ ہے لیکن کیوں ہم رضاکارانہ طور پر کم نہیں کر دیتے وہ لوگ جو کہ خوشحال ہیں اور وہ چینی چھوڑ سکتے ہیں۔ وہ پھل بھی کھا لیتے ہیں ان کو اس سے بھی شوگر مل جاتی ہے۔ چین میں 1970 سے 78 کے درمیان صرف ان کے بچے اور بوڑھے چینی استعمال کر سکتے تھے اور انہوں نے رضاکارانہ طور پر چینی چھوڑ دی تھی کیونکہ وہ کہتے تھے کہ ہمارے ہاں اتنی چینی نہیں ہوتی کہ ہم پوری قوم کھا سکیں۔ ہم لوگ بھی یہ کیوں نہیں کر سکتے۔ میں سمجھتی ہوں کہ حکومت کے اقدامات کو، عوام کو اور ہم سب

کو support کرنا چاہیے۔ اس میں کوئی کمی نہیں رکھنی چاہیے اسی طرح ہم ایک بہتر مستقبل کی طرف جا سکیں گے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، مہربانی۔ ڈاکٹر عبدالمالک صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، جناب چیئرمین! آج جو economical and price situation پر discussion ہو رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ جو آمر ہوتے ہیں' اس سے قبل بھی لوگوں نے بجٹ اپنے طبقاتی مفادات کو مد نظر رکھ کر بنایا ہے اور آئندہ بھی اسی طرح بنائیں گے۔ سٹیٹ بنک نے micro economics کے جو datas issue کیے ہیں' زمینی حقائق بتا رہے ہیں کہ یہ سارے جھوٹ ہیں۔ آئی ایم ایف اور ایشین بنک نے اس کا کئی بار اظہار کیا ہے کہ پاکستان میں جو اعداد و شمار دیے جا رہے ہیں وہ حقائق پر مبنی نہیں ہیں۔ حد تو یہ ہے کہ ہمارے Federal Statistics Bureau میں گزشتہ تین چار سالوں سے کوئی ڈائریکٹر اس لیے تعینات نہیں کیا جا رہا ہے کہ وہ وہاں پر کوئی صحیح اعدادو شمار دے سکے بلکہ فنانس کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ اپنی مرضی سے غلط اعداد و شمار دے رہے ہیں۔

یہ جو بار بار کہہ رہے ہیں کہ ہماری GNP 8.4% تھی تو جس ملک کی GNP 8.4% بڑھے وہاں اس کے اثرات سوسائٹی پر کیا ہوں گے۔ وہاں بے روزگاری کم ہوگی' وہاں قیمتوں میں استحکام ہوگا' وہاں inflation کم ہوگی' وہاں کی جو مڈل کلاس ہے اس میں وسعت ہوگی' ٹریڈ بیلنس ہوگا' ایکسپورٹ زیادہ ہوگی اور امپورٹ کم ہونگی لیکن practically پاکستان میں اس طرح نہیں ہے۔ یہ 8.4% کا جو شوشہ چھوڑا گیا ہے اس میں صرف بینکنگ سیکٹر میں 22% increase ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ 22% increase اس لیے ہوا ہے کہ لوگوں کو loan دیئے گئے ہیں۔ اس سے definitely inflation پر اثر پڑا ہے۔

میں ایک بنیادی بات آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں کہ حکومت مسلسل یہی کوشش کر رہی ہے کہ یہاں پر جو فنانس منیجر ہیں وہ سوسائٹی کو یا economy کو ٹھیک کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب سے بڑا جھوٹ ہوگا۔ اگر آپ poverty کو دیکھیں' میں per capita پر نہیں جاؤں گا' صرف میں poverty کو focus کروں گا کہ اس وقت پاکستان میں جو poverty criteria

ہے وہ 2350 calories پر ہے اگر کسی شخص کو 2350 calories مل جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ poverty line میں ہے یا above ہے۔ اب اس وقت مجموعی طور پر ملک میں poverty 32% وہ کہہ رہے ہیں۔ بلوچستان میں تو ہم دعوے سے کہتے ہیں کہ ان لوگوں نے جو 51 کہا ہے اس سے بھی زیادہ ہے کیونکہ اگر poverty کو ہم calculate کریں گے شاید میں آپ کا وقت زیادہ لے لوں لیکن یہ کہ 2350 calories ہیں مگر اس کو ہم دیکھیں تو یہاں پر majority لوگوں کو اتنی calories نہیں مل رہی ہیں۔ اسی طرح per capita کا جو طریقہ کار ہے میں سمجھتا ہوں اس کو بھی جس طریقہ سے count کرتے ہیں وہ انتہائی ناقص ہے لیکن اس کے باوجود قسمتی سے روزانہ یہ statement آ رہی ہیں کہ یہاں ہم 2007ء تک پانی دیں گے، گیس دیں گے، بجلی دیں گے، تعلیم دیں گے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ تمام جو دعوے ہیں یہ ان دعووں کی بالکل عکاسی کرتے ہیں جو جنرل صاحب نے اس وقت کیے تھے جب وہ پہلی دفعہ آئے تھے اور انہوں نے سات نکاتی ایجنڈے کا اعلان کیا کہ جاگیرداروں سے جاگیریں چھین لوں گا، صوبوں کو خودمختاری دوں گا، چوروں کو سزا دوں گا اور معیشت کو فروغ دوں گا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ تمام چیزیں مشرف صاحب نے یہ جو دعوے کیے تھے وہ ادھورے کے ادھورے رہ گئے۔ اسی طرح یہ جو دعوے کیے جا رہے ہیں خاص طور پر good economy کے بارے میں تو تمام سیاق و سباق سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ بالکل غلط ہیں۔

میں آخر میں صرف اتنا عرض کروں جیسے پروفیسر ابراہیم صاحب نے کہا تھا کہ اس دن سے ڈرو کہ جب بھوکے عوام ان محلوں پر حملہ کریں گے تو خدا وہ دن نہ لائے۔ میں کہتا ہوں کہ خدا وہ دن جلدی لائے تاکہ جو بھوکے عوام ہیں یہ انقلاب کی شکل میں ان ایوانوں کو تہس نہس کر دیں تاکہ ان کی کچھ بھلائی ہو۔ آخر میں، میں اتنا عرض کروں کہ سیزر کے جانے کا وقت ہو گا تو یہ سب برونس بن جائیں گے۔ Thank you very much.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، سید جاوید علی شاہ صاحب۔

سینیٹر سید جاوید علی شاہ ، شکریہ جناب چیئرمین! جس issue پر میں بات کرنے لگا ہوں، یہاں جب مہنگائی کی بات ہوگی، جب کسی محرومی کی بات ہوگی تو یقیناً repetition

ہو گی۔ میں چاہوں گا کہ اس بات کا تذکرہ کروں جو مہنگائی کو کم کرنے میں معاون ثابت ہو۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ State کی دو اہم responsibilities ہوتی ہیں اور وہ یہ ہیں کہ State لوگوں کی جان و مال کا تحفظ کرتی ہے اور لوگوں کو روزگار کے مواقع مہیا کرتی ہے، لوگوں کو روٹی کپڑا مہیا کرتی ہے اور اگر State یہ دونوں چیزیں دینے میں ناکام ہو جائے تو taxation کا جواز ختم ہو کر رہ جاتا ہے۔ ایک غریب آدمی اس ملک میں tax اس لیے ادا کرتا ہے کہ اس کے عوض حکومت وقت اسے تحفظ فراہم کر سکے، اسے shelter دے سکے، اس کو روزگار دے سکے، اس کو روٹی کپڑا دے سکے مگر یہ وہ ملک ہے جہاں حکومت تو شاید بہت کچھ کرتی ہے۔ پچھلے سالوں میں ہمارے reserves کہاں سے کہاں پہنچے، ہماری cotton bails اس قدر ہوئیں کہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہماری غربت کے خاتمے کے لیے ایک مستحسن قدم ہے۔ ہم wheat production میں خود کفالت کی طرف گئے۔ حکومت کی طرف سے بہت اچھے اقدامات کیے گئے مگر وہ element جو ہر وقت اس ٹوہ میں لگا رہتا ہے، اس کوشش میں مصروف رہتا ہے کہ کسی طرح حکومت کو let down کیا جائے۔ انہیں یہ فکر نہیں ہوتی کہ اس سے ملک کو کیا نقصان ہوگا، وہ اس فکر میں رہتے ہیں کہ کسی طرح حکومت کی سبکی ہو، آنے والے کل میں ہم بتا سکیں، ہم press conference کر سکیں، ہم ٹی وی پر یہ بتا سکیں کہ حکومت ناکام ہے۔

جناب چیئرمین! دنیا میں ایک جنرل اصول ہے کہ there is no taxation without representation جب یہ ایوان کام کر رہے ہوں۔ جس ملک کی نیشنل اسمبلی کام کر رہی ہو، جس ملک کی سینیٹ کام کر رہی ہو، وہاں taxation بغیر representation کے، اس کا تصور بھی نہیں ہوتا۔ اور اگر ہم اس ملک میں دیکھیں، یہاں دو طبقے ہیں، ایک وہ طبقہ جو کسی دن کسی رات، اگر تھوڑی سی محرومی کا شکار ہوتا ہے تو اس کی nuisance value اتنی ہوتی ہے کہ دوسرے دن اخباروں میں چیخ و پکار، Press Confrences، ٹی وی پر شور شرابہ، سب آپ کو نظر آتا ہے۔ وہ elite class ہے۔ وہ شہروں میں رہنے والے لوگ ہیں۔ کل یہاں بات ہو رہی تھی کہ پمز میں فلاں مشین کا پہلے اتنا معاوضہ لیا جاتا تھا ٹیسٹ کرنے کا اور اب یہ ہوتا ہے۔ جناب! کبھی آپ نے موازنہ کر کے دیکھا ہے کہ کتنے لوگ ہیں جو پمز سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ کیا آپ نے ان لوگوں کے لیے بھی کبھی سوچا ہے جو دیہاتوں میں زندگی گزارتے ہیں، جہاں ایک سرنج سے پانچ

پانچ سو آدمیوں کو انجیکشن لگا دیئے جاتے ہیں۔ وہاں تو پنجر جیسے ہسپتال میں آنے کا تصور بھی نہیں ہوتا۔ میں کیونکہ تعلق رکھتا ہوں ایسے علاقے سے جو پسماندہ ہے' جو دیہات کہلاتا ہے' تو میرا فرض بنتا ہے کہ اس ایوان میں آنے کے بعد میں ان لوگوں کو نہ بھولوں۔ میں اگر point out کروں گا تو میں ان لوگوں کی محرومی کو کروں گا' جن علاقوں سے ہمارا تعلق ہے اور جہاں میں نے اپنی آنکھوں سے غربت دیکھی ہے ۔ جناب والا کبھی آپ نے یہ سوچا ہے کہ حکومت ایک ریٹ مقرر کرتی ہے کہ کھاد کی بوری کی اتنی قیمت ہو گی ۔ Pesticide کے یہ ریٹ ہوں گے۔ ٹریکٹر اس قیمت پر ملے گا۔ Input کی یہ قیمت ہو گی۔ مگر پتا نہیں ہوتا' نہ وہ چیز ایوان میں discuss ہوتی ہے' نہ وہ نیشنل اسمبلی میں discuss ہوتی ہے' نہ سینیٹ کو اس کا پتا ہوتا ہے' نہ حکومت وقت کو اس کا پتا ہوتا ہے۔ مگر وہ hidden hands جو ہمیشہ امیر سے امیر تر ہونے کی کوشش میں مصروف رہتے ہیں' وہ حکومت کی بھی سبکی کا باعث بنتے ہیں اور اس ملک میں پیدا ہونے والی مہنگائی کا بھی باعث بنتے ہیں۔ صبح کسان اٹھتا ہے' کھاد کی بوری کی قیمت میں سو روپے کا اضافہ ہوتا ہے۔ Pesticide آسمان کو چھونے لگتی ہیں۔ مشینری ان کی پہنچ سے باہر چلی جاتی ہے۔

جناب چیئرمین! ہمیں سوچنا یہ ہے کہ ہم اس چیز پر کس طرح control کریں۔ وہ ہاتھ جو حکومتی دسترس سے بھی باہر نظر آتے ہیں اور راتوں رات لوگ کروڑپتی بن جاتے ہیں' ان ہاتھوں کو کس طرح کاٹنا ہو گا۔ ہمیں iron hand استعمال کرنا ہو گا۔ اس سے جہاں حکومت' حکومت ہونے کا فرض پورا کرے گی' وہاں غریب کی غربت کا خاتمہ بھی ایک صورت میں ہو سکتا ہے کہ اگر حکومت سختی سے ان لوگوں پر ہاتھ ڈالے' جو راتوں رات مصنوعی مہنگائی پیدا کرتے ہیں۔ جناب کبھی آپ نے دیکھا؟ میں پچھلے دنوں آپ کو بتا سکتا ہوں کہ سیمنٹ نے ہمارے علاقے میں پانچ سو کچھ روپے کو touch کیا' جبکہ اس کا ریٹ دو سو کچھ تھا۔ اسی طرح آپ نے دیکھا کہ جب گنا مل میں جاتا ہے' کوڑیوں کے بھاؤ بکتا ہے اور جب چینی بن کر وہی گنا ہمارے سامنے دوسری صورت میں آتا ہے تو وہ پھر پلاٹینیم کے بھاؤ بکنے لگتا ہے۔ جناب میں صرف اتنا کہتا ہوں کہ آج تک ہم نے یہ بھی نہیں سوچا کہ ہمیں most favourite nation کا status انڈیا نے دیا آج سے دس پندرہ سال پہلے۔ ہمیں بھی کچھ ایسا ہی جواب انہیں دینا چاہیے تھا' ایک

healthy competition ہوتا۔ مارکیٹ کھلتی، مہنگائی کا خاتمہ ہوتا اور وہ لوگ جو monoply کرتے ہیں، ان پر بھی کوئی گرفت ہوسکتی۔ ان کا بھی کوئی مقابلہ ہوتا، انہیں بھی کوئی خوف ہوتا۔ مگر ایسا نہیں ہو سکا۔ آج تک وہ لوگ جو اپنی من مانی کرنا چاہتے ہیں، وہ انڈیا کو وہ status نہیں دلوا رہے اس لیے کہ کہیں انڈیا مارکیٹ capture نہ کر جائے اور ان لوگوں کی monopoly ختم نہ ہو جائے جو راتوں رات لاکھوں سے کروڑوں اور کروڑوں سے اربوں روپے کمانے لگے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ اگر ان ہاتھوں کو کاٹ دیا جائے جو مصنوعی مہنگائی کا باعث بنتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں مہنگائی نہیں ہے۔ اگر ایک زرعی ملک میں کسان کو وہ تمام سہولتیں دے دی جائیں جو ضروری ہیں۔ انہیں وقت پر، صحیح قیمت پر کھاد، pesticides,machines, subsidy دی جائے تو آپ کا کسان ہر وہ چیز produce کر سکتا ہے جو نہ ہونے کی وجہ سے اس ملک میں مہنگائی کا واویلا ہوتا ہے۔ مگر جناب! یہاں تو اس قسم کے لوگ بیٹھے ہیں جو ملکہ فرانس کی طرح مشورہ دے دیتے ہیں کہ اگر آپ کے پاس روٹی نہیں تو کیک کھا لیں۔ جناب چیئرمین! میں کہتا ہوں کہ ہمارا فرض ہے کہ حکومت سختی سے مصنوعی مہنگائی کے خاتمے کے لیے قدم بڑھائے ورنہ اس ملک میں وہ مہنگائی نہیں ہے، آپ دوسرے ملکوں سے compare کر کے دیکھیں، وہاں مہنگائی آسمانوں تک ہے۔ ہمارا ملک پھر بھی ان ملکوں میں ہے جہاں شاید اس level کی مہنگائی نہ ہو مگر یہ trend اگر جاری رہا تو پھر اس کا روکنا انتہائی مشکل ہو جائے گا، پھر ہمارے اور حکومت کے بس سے بھی باہر ہو گا کہ مہنگائی کو control کیا جا سکے۔ جہاں مہنگائی کی وجہ سے society دو طبقوں میں تقسیم ہو جائے، وہاں محرومیاں جنم لیتی ہیں، وہاں لوگ نفرتوں کا شکار ہوتے ہیں اور خاص طور پر جہاں federation ہو، جہاں Parliamentary form of government ہو، جہاں مختلف نسلیں، قومیں ہوں، وہاں اگر ایک طبقہ محرومی کا شکار ہوگا اور دوسرا خوشحال ہوگا تو لوگ نفرتوں کا شکار ہو کر ملک کے خلاف سوچنے لگتے ہیں۔

جناب! آپ کو یاد ہوگا کہ وہ بنگال جہاں Pakistan movement اس خطے سے کہیں زیادہ زور و شور سے چلی تھی، مسلم لیگ نے بنگال میں جنم لیا تھا، اس کا پہلا President بنگالی تھا، مگر وہ بنگال محض اس لیے علیحدگی پر مجبور ہوا کہ ہم نے ان کو پسماندگی میں دھکیل دیا،

ہم نے ان کو دیوار کے ساتھ لگا دیا' ہم یہ سمجھتے اور کہتے رہے کہ بنگال ایک liability ہے۔ آج وہی بنگال ہم سے بہتر ہے' وہاں آپ birth control, literacy rate, income per capita دیکھیں' وہ آج خوشحالی کی طرف جا رہے ہیں۔ Cotton وہ ہم سے لیتے ہیں مگر value add کر کے وہ garments بنا کر پوری دنیا سے معاوضہ لے رہے ہیں اور ہم cotton, گندم' وسائل' دریا' سمندر رکھنے کے باوجود اپنے وسائل سے وہ فائدہ نہیں اٹھا رہے جو اٹھانا چاہیے۔ جناب چیئرمین! میں اپنی بات کو ختم کرتے ہوئے صرف یہ گزارش کرتا ہوں کہ اس ملک میں مصنوعی مہنگائی ہے۔ مہنگائی اس طرح کی نہیں جو قابو نہ کی جاسکے۔ اگر حکومت یہ ٹھان لے کہ ان ہاتھوں کو کاٹ دے گی جو مصنوعی مہنگائی کر رہے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ آنے والا کل اور آنے والا سورج خوشحالی کا ہو گا۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you Mr. Javaid Ali Shah Sahib. Next speaker is Mr. Rehmat Ullah Kakar.

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ آپ کے علم میں ہے کہ جو red books چھپنی تھیں وہ چھپ چکی ہیں۔ عوام اور اس پارلیمنٹ کے قیمتی وقت کے ضیاع کے سوا یہاں اور کچھ بھی ہاتھ نہیں آئے گا۔ مجھے امید ہے کہ جو تجاویز اس معزز ایوان سے policy makers کے ہاتھوں میں جائیں گی وہ ردی کی ٹوکری کی نذر ہوں گی اور اس سلسلے میں آپ کا دل بھی میرے ساتھ ہے۔ مختصراً گزارش یہ ہے کہ یہ common man budget نہیں ہے' for the simple reason کہ اس میں عام آدمی کے لیے کیا رکھا ہے' دس یا بارہ روپے؟ چینی خریدنے والا صارف آج چالیس اور پینتالیس روپے میں چینی کو ترس رہا ہے۔ حکومت دعوے کرتی ہے کہ یوٹیلٹی سٹورز پر ہم چینی provide کر رہے ہیں جب کہ خود جو اعداد و شمار جاری ہوئے ہیں اس میں دس فیصد لوگوں کی رسائی Utility Stores تک ہے' ابھی بھی نوے فیصد کارخانہ داروں کے رحم و کرم پر ہیں۔

جناب عالی! میرے سامنے ایک دلچسپ سروے ہے جو internet پر آیا ہے' جو

Pakistan Sugar Mills Association کی طرف سے publish ہوا ہے اور اس میں ہمارے Federal Minister for Commerce Sahib کی family بھی چونکہ ایک Sugar mill کی مالک ہے تو اس میں یہ عجیب الفاظ produce ہوئے ہیں۔ آپ کی اجازت سے پڑھ دیتا ہوں۔

The Sugar Mills association has published an advertisement in press counting the factors responsible for the sugar crisis and shifting the blame on Government and International market. Similar stand was taken by the Federal Minister for Commerce whose family has also owned a sugar mill in a public forum recently. The Minister decided to wear the cap of a mill owner on this occasion rather than that of an elected member of the Parliament.

جب ہمارے ذمہ دار حکومتی دوستوں کی یہ حالت ہے کہ جب عوام کے فائدے کی بات آتی ہے تو پھر وہ اس پر اپنے ذاتی مفادات کو ترجیح دیتے ہیں تو جناب عالیٰ! کس بات کا رونا رویا جائے۔ Production. cotton and sugarcane کی' reduction کی طرف آئیے۔ پیداوار میں جب کمی ہو گی اور demand زیادہ ہوگی تو قیمتیں لا محالہ آسمانوں پر چڑھیں گی۔ Sugarcane کی production ۵۰ لاکھ ٹن سے ۳۵ لاکھ ملین ٹن پر آئی ہے۔ برازیل جو دنیا کا سب سے بڑا exporter ہے۔ آپ کے بہترین مفاد میں انہوں نے اب چینی بنانا almost اس export level پر کم کر دیا ہے۔ Bank interest جو لوگوں سے وصول کرتا ہے اور جب depositor کو وہ payment کرتا ہے تو figures کی برابری تو کیا کرنی ہے زمین آسمان کا فرق ہے اور موجودہ دور میں بنک اس کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔ Growth rate جو ہے وہ declining position پر ہے۔ Open market میں ہماری کرنسی گر رہی ہے۔ سو روپے کا پاؤنڈ ۱۱۶ روپے میں کل تھا ممکن ہے' آج بھی ایک دو روپیہ اور بڑھ گیا ہوگا۔ یورو آسمان کی طرف بڑھ رہا ہے۔ Unofficially ہماری currency devalue ہو رہی ہے۔ حکومت قیمتیں کنٹرول کرنے میں بے بس ہے۔ یہ ذمہ داری کس پر ڈالی جا رہی ہے؟ حکومت دن بدن تیل کی قیمتیں بڑھا رہی ہے۔ تیل مہنگا کرنے سے ہر چیز کے transportation charges خود بخود up ہو رہے ہیں۔ گھی'

آٹا' دالیں گوشت نایاب ہیں۔ میں بصد ادب عرض کروں گا اور اپنی بہنوں سے معافی چاہوں گا۔ اس ملک میں سستا ہے تو میک اپ کا سامان سستا ہے اور بیوٹی پارلر میں dressing اور اس کی چیزیں سستی ہیں۔ ہم نہیں کہتے کہ وہ مہنگی ہوں ضرور سستی ہوں۔ سستا ہے تو electronic کے وہ آئیٹم سستے ہیں جو satellite میں free channels کے لیے استعمال ہو رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، کچھ چیزوں کی مثال کاکڑ صاحب نے دی کہ بہت ساری چیزیں سستی بھی ہیں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جی بالکل ہیں۔ اس ملک میں سرخی پاؤڈر سستا ہے۔ Electronics کی چیزیں سستی ہیں۔ Failed state کی بات ہو رہی ہے اللہ نہ کرے کہ یہ ہم پر بھی صادق آئے۔ حکومت نے گیس اور بجلی کی قیمتیں اس حد تک بڑھا دی ہیں کہ عام صارف کس حد تک پریشان ہو گیا ہے۔ OGRA جو ایک regulatory authority بنائی گئی ہے' اس کا record موجود ہے کہ اس نے کبھی گیس کمپنیوں کی request کو defer نہیں کیا۔ البتہ یہ کیا ہے کہ جب وہ 10% increase کی بات کرتے ہیں تو 7 point something increase کر دیتے ہیں اور پھر اس کو دو مہینے بعد وہ جو 2 point something ہے اسکو پھر بڑھا دیتے ہیں۔

پاکستان ایک زرعی ملک ہے۔ ملکی زراعت کو pesticide' ٹریکٹر' کھاد اور بجلی کی عدم دستیابی کی وجہ سے تباہ کر دیا گیا ہے۔ میں specially اس ضمن میں باقی ملک کی طرف بلوچستان کے مخلوک الحال اور در بدر صوبے کی بات کروں گا۔ ہمارے پانچ کھرب روپے کے باغات بجلی کی عدم دستیابی کی وجہ سے تباہ ہو گئے ہیں۔ مجھے یہ سن کر افسوس ہوا جب جتوئی صاحب فرما رہے تھے کہ جس علاقے سے بجلی گزرتی ہے' وہ لوگ اس کا دفاع کریں اور یہ صوبائی حکومت کا کام ہے' جبکہ یہ Federal subject ہے اور اس پر Federal resources خرچ ہونے چاہئیں۔ ملک میں Rs. one trillion تقریباً پولٹری کی انڈسٹری میں لوگوں نے invest کیے تھے اور اعداد و شمار یہ ہیں کہ so far 5 billion rupees پولٹری انڈسٹری میں تباہ ہو چکے ہیں۔

جناب عالی! اس ملک میں انصاف بکتا ہے۔ یہاں میرے بھائی وکلاء صاحبان بیٹھے ہیں، میں بصد ادب عرض کروں گا کہ اور چیز تو بکتی ہے یا نہیں بکتی یہاں انصاف ضرور بکتا ہے، قانون بکتا ہے بلکہ یاروں نے تو اس حد تک کہا کہ پارلیمنٹ بکتی ہے اور پیسوں کے زور پر ایک ایک خاندان کے دس دس Senators and MPAs بن کر آ رہے ہیں، انہوں نے پیسہ خرچ کیا ہے اور نعرہ لگاتے ہیں کہ "یہاں ہر چیز بکتی ہے بولو جی تم کیا کیا خریدو گے"۔

تعلیم نام کی کوئی چیز نہیں رہی۔ اسلام آباد، لاہور میں یہ جو بڑے بڑے نام ہیں Aitchison, ایبٹ آباد کیڈٹ کالج، ٹلاں کالج یہ نام ہمارے لیے اجنبی ہیں، ہمارے کئی لوگوں کو ٹاٹ بھی میسر نہیں ہیں۔ Corruption عام ہے، بھتہ خوری چلتی ہے، اس وقت حکومت میں بیٹھے لوگ بھتہ وصول کرتے ہیں۔ وزراء کی طرف سے پرچی جاتی ہے کہ بھتہ بھیجو ورنہ دکان کو آگ لگا دیں گے۔ لاقانونیت عام ہے، بنک لوٹے جا رہے ہیں، highways پر ڈکیتیاں ہو رہی ہیں، حکومت بے بس ہے۔ لوگ گھروں میں غیرمحفوظ ہیں، لوگ private security forces کے ذریعے اپنا تحفظ کرا رہے ہیں۔

Sugarcane کے کاشتکاروں کو بروقت معاوضہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے نتیجہ مہنگائی کی صورت میں ظاہر ہوا ہے۔ یہاں امجد قریشی صاحب نہیں ہیں، پچھلے سال وہ چیخے تھے کہ خدا کے لیے ان کو بروقت payment کی جائے۔ آپ کو بہتر علم ہے کہ ان کو دو دو سال تک payment نہیں ہوتی۔

پچھلے سال تک 50% لوگ CNG سے استفادہ کر رہے تھے، اب اس کی قیمت اتنی بڑھا دی ہے کہ comparatively اس کی اور oil کی prices میں فرق کم رہا۔ اب وہ فائدہ 25-26% پر آ گیا ہے۔ اٹلی اور ارجنٹینا کے بعد دنیا میں پاکستان CNG کا سب سے بڑا user تھا، اس کے بعد امریکہ، کینیڈا، چائنا اور برازیل وغیرہ ہیں۔

GST کے نام پر جو tax کی بھرمار ہے کہ ٹلاں کارخانے کی production پر GST ہے، کسی کارخانے پر GST نہیں ہے، وہ ایک عام آدمی پر GST ہے۔ کسی صاف ستھرے ہوٹل میں بیٹھ کر کھانا کھانے پر جو ٹیکس دیا جاتا ہے وہ ہوٹل والے سے نہیں لیا جاتا بلکہ وہ اس آدمی سے لیا جاتا ہے اور اس کو اس جرم کی سزا دی جا رہی ہے کہ کیوں صاف ستھرے

ہوٹل میں بیٹھ کر کھانا کھا رہے ہو۔ جناب عالی! عام آدمی نان شبینہ کا محتاج ہے جبکہ میریٹ اور سیرینہ کا ایک وقت کا کھانا per head ڈیڑھ' دو اور تین ہزار روپے charge ہوتا ہے' یہ عیاشی ہو رہی ہے۔ پاکستان صرف اسلام آباد' لاہور' کراچی' کوئٹہ اور پشاور کا نام نہیں ہے' میرے اس ملک میں لوگ آج بھی ننگے پاؤں پھر رہے ہیں۔ حکومت کے پاس کوئی ایسا پروگرام نہیں ہے کہ ان کے دکھوں کا مداوا ہو' حکومت کی طرف سے کوئی ایسا relief package نہیں آ رہا اور جو دعوے کیے جا رہے ہیں خدا کرے کہ ان میں سے 5% بھی سچ ثابت ہوں کہ 2007ء کے آخر تک پاکستان کے ہر کونے میں گیس پہنچائی جائے گی۔ جناب والا! میرا تعلق بلوچستان سے ہے' آج تک بلوچستان کے 1/20 حصے میں بھی گیس نہیں پہنچی تو باقی ملک کو کیا گیس پہنچے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، کاکڑ صاحب! اب wind up کر لیجیے۔ آپ کے لیے ایک منٹ additional ہے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب عالی! ہماری تو یہی گزارش ہے کہ جو ناروا ٹیکس اس ملک میں CBR کے توسط سے لگائے گئے ہیں' اس ٹیکس کو ضرور لگایا جائے لیکن اس کو ان سرمایہ داروں پر shift کیا جائے جو کہ کروڑوں کی مرسیڈیز اور گاڑیوں میں پھرتے ہیں اور جن کے گھروں میں 18 air-conditioners ہیں اور ہر کمرے میں dish کا channel چلتا ہے' ان کے ہاتھ میں satellite telephone ہے اور اس کے beauty parlour کا daily خرچہ 40 سے 50 ہزار ہے۔ وما علینا الا البلاغ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، مہربانی جی' thank you. ڈاکٹر ظہیر الدین بابر صاحب is next speaker.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: Thank you honourable Chairman. I welcome your goodself in the Chair.

Mr. Presding Officer: Thank you.

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ مہنگائی پر میں اپنی

بات کرنے سے پہلے، حکومت کے دو بڑے عہدے داروں کا موقف اس معزز ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں اور اس سے دو باتیں ظاہر ہوتی ہیں ایک یہ کہ حکومت بھوک سے مرتے ہوئے لوگوں، غربت میں پستے ہوئے طبقات، دودھ میں چینی ڈالنے کے لیے بلکتے ہوئے بچوں، تنخواہ کے بغیر سڑکوں پر گھومنے والے بے روزگاروں کی ٹولیوں اور دور دراز دیہاتوں میں بجلی اور پنکھے اور light اور gas سے محروم لوگوں کے لیے کس قدر سنجیدہ ہے۔

جناب چیئرمین! جو میں کہنے لگا ہوں، یہ میرے الفاظ نہیں ہیں، پہلے اس ملک کے وزیراعظم کہتے ہیں، اسی ہفتے میں کہتے ہیں کہ "ملک میں ساڑھے سات فیصد مہنگائی میں کمی ہوئی ہے" میں اسے اس صدی کا سب سے بڑا لطیفہ کہوں، سب سے بڑا ظالمانہ مذاق کہوں، لاعلمی کہوں۔ میرے کہنے سے پہلے ان کے boss جنرل مشرف صاحب نے اسی ہفتے میں یہ کہا کہ "مہنگائی کو قابو کرنے کے لیے سب اقدامات جلد ہوں گے"۔ Mr. Chairman, both are on record اور میں اس پر کوئی تبصرہ نہیں کرنا چاہتا، تھوڑے سے تصرف کے ساتھ، صرف ایک لفظ کے تصرف کے ساتھ نظیر اکبر آبادی کے اس شعر پر کہ،

رنج جنرل کو بہت ہے مگر آرام کے ساتھ
قوم کے غم میں dinner کھاتا ہے، وہ کام کے ساتھ

جناب چیئرمین! میں عرض کرنا چاہوں گا کہ جہاں بڑوں کا یہ حال ہو، جہاں کابینہ، حکومت کے اقتصادی مشیر، حکومت کے معاشی managers وہ نورآ علیٰ نور کی کیفیت والے ہیں، اس کو ا[illegible] میں کچھ اور کہتے ہیں لیکن میں نے عربی کا سہارا لیا، اس ایوان کے تقدس کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے۔ یہ ایک ابتدائی بات تھی جو میں کہنا چاہ رہا تھا۔

جناب چیئرمین! اس وقت اس ایوان کے اندر کی گئی تقریروں سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس ایوان کے اس طرف بیٹھے ہوئے لوگ مہنگائی سے پریشان ہیں، اس کے باوجود کھل کر بات نہیں ہوسکتی۔ اس طرف حکومت کا کہنا ہے کہ ملک کے اندر ڈالروں کے انبار لگے ہوئے ہیں، دوسری طرف عوام کہتے ہیں کہ بھوک کی بھرمار لگی ہوئی ہے۔ ایک طرف حکومت کا کہنا ہے کہ گاڑیوں کے انبار لگے ہوئے ہیں، دوسری طرف عوام کہتے ہیں کہ خود کشیوں کے بازار لگے ہوئے ہیں۔ جناب والا! ایک طرف حکومت کا یہ کہنا ہے کہ ملک کے اندر اس قدر سکھ کا سانس

کبھی پہلے لوگوں کو لینے کا موقع نہیں ملا' دوسری طرف اس ملک کے ساڑھے چودہ کروڑ' پندرہ کروڑ غریب عوام کہتے ہیں کہ مہنگائی نے' بے امنی نے اور حکومت کی لاعلمی نے ہماری سانس بند کر رکھی ہے۔ میں اس پر اور کچھ نہیں کہتا' صرف ایک بات کہنا چاہتا ہوں کہ جناب! یہاں پر کہا گیا کہ یہ مصنوعی مہنگائی ہے' Treasury Benches سے ایک دوست نے کہا کہ یہ مصنوعی مہنگائی ہے اور کچھ لوگ یہ چاہتے ہیں کہ حکومت کو غیر متزلزل کیا جائے اور حکومت کو غیر موثر کیا جائے اور حکومت کو پریشان کیا جائے' اس لیے یہ مصنوعی مہنگائی ہو گئی ہے۔ اگر یہ مصنوعی مہنگائی ہے تو پھر لوگوں کو بتایا جائے۔ جمہوریت کے معنی ہیں کہ عوام کی حکومت' عوام کے ذریعے' عوام کے لیے۔ حکومت اگر یہ مہنگائی روکنے میں ناکام ہو کر' اس کو مصنوعی مہنگائی کہتی ہے تو قوم یہ کہنے میں حق بجانب ہو گی کہ یہ جمہوریت مصنوعی ہے' یہ صدارت مصنوعی ہے' یہ وزارت عظمیٰ مصنوعی ہے' اس لیے یہ مہنگائی پیدا ہوئی ہے۔ ایک بات میں جو یہاں record درست کرنے کے لیے کہنا چاہتا ہوں۔ جناب والا! وہ بات یہ ہے کہ ساڑھے چھ سال کے جنرل مشرف صاحب کے اقتدار کے دور میں اس حکومت اور آزاد ذرائع کے اعداد و شمار کے مطابق مہنگائی میں ڈیڑھ سو فیصد سے تین سو فیصد تک اضافہ ہوا۔ اس کا کریڈٹ یقیناً حکومت کو جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے وہ اس کریڈٹ کی وجہ سے کل یہ کہنا شروع کر دے------ جس طرح کسی شاعر نے کہا،

وہ چھین کر لنگوٹی کہتے ہیں تو روتا ہے کیوں
شکر کر لے ابھی تیرے جسم پر کھال ہے

جناب چیئرمین! میں دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں۔ یہاں پر سٹیٹ بنک آف پاکستان کے پچھلے گورنر نے جن کو تبدیل کیا گیا انہوں نے کہا۔ یہ پچھلے سال انہوں نے کہا۔ This is on record. سٹیٹ بنک نے کہا کہ ملک کی بیالیس فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے چلی گئی ہے۔ جو نئی چیئرمین سٹیٹ بنک آف پاکستان کی لائی گئی۔ اس محترمہ نے یہ کہا کہ ۱۵ فیصد پچھلے صرف ساڑھے تین ماہ کے اندر اشیائے صرف کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس کا جو trickle down ہے موجودہ حکومت کی اطلاع کے مطابق وہ کہاں جاتا ہے؟ یہ ٹیکس کون دیتا ہے؟ میں ایک سوال آج اس ایوان میں کرنا چاہتا ہوں جس کے بارے میں' میں نے

ایک پہلے point of order پر کہا کہ جب یہ ایوان بیٹھتا ہے تو لوگ امید لگاتے ہیں کہ ان کے ٹیکسوں میں سے ایک لاکھ چھ ہزار روپے ایک منٹ اس ایوان کے بٹھانے میں قوم کا خرچ ہوتا ہے۔ اس لیے یہ پوچھنا عوام کی طرف سے میرا حق ہے کہ جناب والا! اس حکومت کے معاشی مینیجرز میں سے کتنے لوگوں کے اثاثے پاکستان میں ہیں؟ کتنے لوگ ہیں جو ٹیکس دیتے ہیں' کتنے لوگ ہیں جنہوں نے پبلک ٹرانسپورٹ زندگی بھر میں ایک دفعہ استعمال کی؟ کتنے لوگ ہیں جو پاکستان کا گندہ پانی' جوہڑ کا پانی جو ہماری اکثریتی آبادی پیتی ہے' میں اور میرے اجداد نے پیا' وہ پانی پیتے ہیں؟ کتنے لوگ ہیں اس ایوان میں بیٹھنے والے جو صرف ہمارے اقتصادی مشیر ہیں' اور وہ World Bank کے مشیر نہیں ہیں؟ IMF کے مشیر نہیں ہیں؟ مغربی اداروں کے مشیر نہیں ہیں؟ یہ قوم کے سامنے لایا جائے تب ہمیں معلوم ہوگا کہ اس ملک کے اندر اگر مہنگائی ہے تو وہ مصنوعی نہیں ہے۔ یہ ان لوگوں کی وجہ سے اس ملک کے اندر مہنگائی پیدا ہو رہی ہے۔

جناب والا! میں تیسری بات جو آپ کے توسط سے اس ایوان میں کہنا چاہتا ہوں وہ جناب والا! پاکستان کے اندر حکومت پاکستان کی کمائی کا سب سے بڑا ذریعہ کیا ہے؟ سب سے بڑا ذریعہ tax ہے۔ خواہ General Sales Tax ہو' خواہ وہ Income Tax یا زرعی اجناس کے حوالے سے tax ہو' اس کے حوالے سے پیداوار کے ایک level کے اوپر tax ہو' میں اگلا سوال اپنے آپ سے نہیں اس حکومت سے کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! سب سے بڑا اس ملک کا taxpayer کون ہے؟ یہ اور سرکار کے ملازمین ہیں۔ ساڑھے تیرہ لاکھ میں سے ایک ملین سے زیادہ لوگ وہ ہیں جن کی تنخواہوں کے source پر tax کٹتا ہے۔ پچھلی دفعہ اس ملک کے معاشی منتظم وزیر اعظم صاحب نے دعویٰ کیا تھا۔ بجٹ سے پہلے انہوں نے فرمایا کہ میں آؤں گا تو دیکھ لیجیے گا کہ میں property کو taxation کے net میں لاؤں گا۔ ابھی میرے دوستوں نے یہاں کہا۔ مجھے دونوں کی رائے کا پورا احترام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہی رات میں لوگ بڑی بڑی گاڑیوں پر چلے گئے۔ کیا یہ کوئی ڈھکی چھپی بات ہے؟ اس وقت پراپرٹی مافیا سب سے زیادہ پاکستان میں پیسے بناتا ہے۔ اگر کوئی تنخواہ لیتا ہے۔ چار ہزار روپے لینے والا فراش' اس کے پیسے تو سرکار پہلے کاٹ لیتی ہے لیکن اس ملک کے بااختیار وزیر اعظم' بااختیار وزیر خزانہ' اس ملک کے سیاہ و سفید کے مالک جنرل کے پاس اتنا اختیار نہیں ہے کہ

وہ property mafia کو tax net میں لا سکے۔

جناب والا! مہنگائی کا ایک سبب اور جس کی طرف میں آپ کی توجہ چاہوں گا۔۔۔۔۔۔

Mr. Presiding Officer: Dr. Sahib start winding up. Your time is 10 minutes. So, it is already 11. Please.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: As you please. I will go with the Chair.

Mr. Presiding Officer: Thank you.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: May I sit or should I...

Mr. Presiding Officer: No, wind up I am saying.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: Give me two minutes, please.

Mr. Presiding Officer: I am giving you.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: I will not speak for myself at all. I am speaking for these people.

Mr. Presiding Officer: No, no. That is O.K. But there is the time and we have to maintain discipline

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: Right, sir. I will go by the Chair. That is why I have sought the permission.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Start winding up. That is what I said. So, wind up your speech.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: No, allow me and

then I will wind it up.

Mr. Presiding Officer: Yes, I allow you. Doctor Babar Sahib, please start winding up.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: Right sir, I will go by the Chair.

میں اگر wind up کروں گا تو دو نکتوں پر wind up کرتا ہوں' باقی باتیں میں چھوڑ دیتا ہوں' آپ کا حکم ہے' آپ کا احترام ہے۔ پہلی بات میں تجاویز دے دیتا ہوں پھر دو تبصرے کرکے میں بیٹھ جاؤں گا۔

I left my speech. میری پہلی تجویز یہ ہے کہ سرکاری ملازمین کے pay scales کو re-structure کیا جائے۔ ساڑھے چھ سال پہلے جس ملازم کی تنخواہ ساڑھے چار ہزار روپے تھی' وہ آج بھی چار ہزار روپے ہے۔ لیکن جس چیز کی قیمت ساڑھے چھ سال پہلے چار ہزار روپے تھی' آج اس کی قیمت بارہ ہزار روپے ہے۔ اس لیے مہنگائی کی نسبت سے ان ملازمین کی جو fixed income group ہیں' ان کی تنخواہوں کو restructure کیا جائے۔

نمبر2' یہ کیا نظام ہے' یہ کیا حکومت ہے نہ ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں' price control committees کا ذکر کیا گیا' کدھر ہیں price control committees, کدھر ہے price control۔ یہاں اگر وزیر قانون وصی ظفر صاحب موجود ہیں اور ان تک میری آواز جا رہی ہوگی وہ مجھے بتائیں کہ کس قانون کے تحت یہ حکومت مہنگائی پر کنٹرول کرنے کے لیے صورتحال کو regulate کرتی ہے۔

There is absolutely no law governing the price control in the country. This is my claim and there is absolutely no system which is there instituted or created or installed by the government to look after the affairs pertaining to the poor people of Pakistan and with particular reference to the price hike in the country.

میں تیسری بات یہ کہتا ہوں کہ پبلک ٹرانسپورٹ، ریلوے کے کرایوں میں حکومت subsidy دینا چاہتی ہے تو آگے آئے، لوگوں کے لیے public transport نہیں ہے، لوگوں کے لیے بہت دلدر ہیں، پنڈی صدر سے اسلام آباد کا کرایہ تیس روپے ہوگیا ہے جو آج سے چھ سال پہلے صرف چھ روپے تھا۔ جناب والا! میں اگلی بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت اپنے غیرترقیاتی اخراجات ترک کرے، میں یہ لفظ استعمال نہیں کر رہا کہ حکومت ان کو کم کرے، حکومت یہ اخراجات ترک کرے۔

اگلی بات میں یہ کہتا ہوں کہ defence budget میں سے جو غیرترقیاتی اخراجات ہیں، housing societies, defence housing authorities, plot and files غریبوں کے پیٹ نہیں بھر سکتیں اس لیے عیاشی کے ان انتظامات کو بھی حکومت ختم کرے۔

آخر میں، میں یہ کہہ کر بیٹھ جاتا ہوں کہ بھارت کی مثال دیتے ہیں کہ تیل وہاں پر مہنگا ہے، ہاں! تیل مہنگا ہے، روٹی سستی ہے، دوائی سستی ہے، آٹا سستا ہے، گھی سستا ہے اور اس لیے عربی میں کہتے ہیں الناس علیٰ دین ملوکن کہ جس ملک کے ایک VIP کو نکالنے کے لیے گھر سے دفتر تک دس motor-cade درکار ہوں، اس وزیر اعظم کی کیسے مثال دے سکتا ہے جو ماروتی گاڑی میں بیٹھ کر آتا ہے۔

جناب والا! میں آپ کے حکم کے مطابق بیٹھنے سے پہلے law and order پر ایک لفظ کہتا ہوں اور وہ لفظ یہ ہے اور بلا خوف تردید کہتا ہوں، برملا کہتا ہوں، ببانگ دہل کہتا ہوں کہ اس ملک میں بدقسمتی سے جب سے جنرل صاحب کی حکومت آئی اس وقت سے دن کو پولیس کا راج اور رات کو ڈاکو کا راج ہوتا ہے۔

یہی حالات ہیں فقیروں کے دن پھرے ہیں فقط وزیروں کے
بیڑیاں سامراج کی ہیں وہی، وہی دن رات ہیں اسیروں کے

Mr. Presiding Officer: Last Speaker, Liaquat Ali Bangulzai Sahib.

سینیٹر لیاقت علی بنگلزئی، جناب چیئرمین! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، قبل از بجٹ

2006-2007 کے حوالے سے ہاؤس میں جو تقاریر ہو رہی ہیں' کاش! یہ روایت جنوری' فروری یا مارچ سے شروع ہو جاتی تو میں سمجھتا ہوں کہ بجٹ پر اظہار خیال کے دوران جو تجاویز اور آراء سامنے آتیں وہ بجٹ میں شامل کی جا سکتی تھیں۔ تاہم اس دفعہ جو روایت رکھی گئی ہے امید ہے کہ آنے والے سالوں میں بھی یہ برقرار رکھی جائے گی۔

جناب چیئرمین! ملکی معیشت اس وقت جس دوراہے بلکہ چوراہے پر کھڑی ہے' بے بس' بے کس بے آسرا اور یتیم بچے کی طرح ہے۔ اس کی مثال یوں دی جا سکتی ہے کہ

نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پاؤ ہے رکاب میں

جناب چیئرمین! بتایا جاتا ہے کہ اس وقت ملک کے مالی ذخائر میں 13 ارب ڈالر سے زیادہ رقم محفوظ ہے۔ بڑی اچھی بات ہے مگر

میں خوشی سے مر نہ جاتا اگر اعتبار ہوتا

کیا کیا جائے کہ قوم یہ ماننے کو تیار نہیں' کیوں؟ اس کے لیے اسباب بے شمار ہیں۔ وجوہات ان گنت ہیں مگر میں صرف نمونہ از خاک ایک مٹھی پیش کرتا ہوں کہ وہاں مشرقی پاکستان میں جب جنرل نیازی مرحوم جنرل اروڑا کے سامنے ہتھیار ڈال چکے تھے تو یہاں قوم کو نوید سنائی جا رہی تھی کہ مشرقی محاذ پر ہماری افواج ہندوستان کے کئی ہزار مربع میل علاقے پر قبضہ کر چکی ہے۔ قوم کا اعتماد اٹھ گیا ہے۔ گزارش ہے کہ بجٹ کو سائنس تسلیم کر کے بنایا جائے۔ اس کی تدوین وتشکیل ایک سائنسی فارمولے کے تحت کی جائے مگر افسوس کہ اسے ایک آرٹ بنا کر پیش کیا جاتا ہے کیونکہ آرٹ میں ایک اور ایک کو گیارہ بنا کر پیش کیا جا سکتا ہے لیکن سائنس میں ہمیشہ ایک اور ایک دو ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اب آتے ہیں زرمبادلہ کے ذخائر کی طرف' ان حقائق کی طرف کہ جن سے ہماری موجودہ حکومت کہہ رہی ہے کہ ان میں اضافہ ہوا ہے۔ وہ حقائق' ان کے پیچھے کیا عوامل اور عناصر ہیں میں ذرا اس کی تشریح کرتا ہوں۔ 9/11 کے واقعات سے اب تک 16 ارب ڈالر سے زائد مالیت کی ترسیلات سمندر پار پاکستانیوں نے اپنے وطن بھیجیں جبکہ 9/11 سے پہلے کی اتنی مدت میں تقریباً پانچ ارب ڈالر کی ترسیلات ملک میں آئی تھیں۔ ان ترسیلات میں اضافہ ہماری پالیسیوں کی وجہ سے نہیں ہوا بلکہ اس میں سب سے اہم وجہ عالمی برادری کی طرف سے

ہنڈی کے ذریعے ترسیلات پر قدغن کی وجہ سے ممکن ہوا کہ ہمارے زر مبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوا۔ حکومت کی معاشی پالیسیوں کا اس میں کوئی کردار نہیں ہے۔ تشویشناک اور غور طلب امر یہ ہے کہ بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی جانب سے اس قدر اونچے حجم کے باوجود کرنٹ اکاؤنٹ 2001-02 میں 4% مثبت تھا۔ ہمارے وزیر خزانہ صاحب تشریف رکھتے ہیں وہ بتا سکتے ہیں 2005-06 میں یہ 4.7 منفی رہا۔ اگر وہ deny کر سکتے ہیں تو وہ اپنی تقریر میں کر لیں میں بعد میں ان کو باقاعدہ دلائل کے حوالے سے قائل بھی کر لوں گا۔

تجارتی خسارہ 98-99 میں صرف 1.6 ارب ڈالر تھا جو کہ اب 2004-05 میں بڑھ کر 6.2 ارب ڈالر بن چکا ہے اور موجودہ مالی سال میں اس کی بڑھوتی 7 ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔ جناب چیئرمین! اس میں اس اضافہ کی وجوہات میں آٹو موبائل کی بڑھتی ہوئی درآمدات، ایسے خام مال کی درآمدات جنہیں جوڑ کر الیکٹرانک مصنوعات وغیرہ، مثلاً ٹی وی، ائرکنڈیشنر وغیرہ بنانے جاتے ہیں نیز زرعی ملک ہونے کے باوجود گیہوں، آٹا، چینی، گندم حتی کہ لہسن، ادرک، مولی، پیاز اور شلغم تک باہر سے درآمد کر رہے ہیں۔ حکومت کی طرف سے ایسی پالیسیاں بنائی گئیں جو عملاً بچتوں کی حوصلہ شکنی کریں۔ عوام کو بچت کی بجائے صرف اخراجات کی طرف مائل کر کے اشیاء کی طلب میں اضافہ کیا گیا۔

جناب چیئرمین! انہی پالیسیوں کی بنا پر بلامبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ معیشت کی شرح نمو ایک مرتبہ پھر 6% سے بھی کم ہو سکتی ہے۔ افراط زر کی ایک چھوٹی سی جھلکی آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ 2002-03 میں 3.1 جبکہ 2004-05 میں 9.3 اضافہ ہوا۔ قومی بچتوں کی شرح میں بیس فیصد سے گھٹ کر 2004-05 میں 15.1% ہوا۔ تجارتی خسارہ 2002 and 2004 میں صرف ایک ارب ڈالر تھا جبکہ اب یہ چھ ارب ڈالر سے بھی تجاوز کر گیا ہے۔ جہاں غریب ہماری اپنی کمزوریوں غفلت اور سست روی اور تمام نقصانوں میں شامل ہے وہاں امریکہ، بھارت اور افغانستان کی طرف سے سوچی سمجھی ایسی رپورٹیں بنائی اور جاری کی جاتی ہیں کہ ان سے ہمارے مالی مفادات پر کاری ضرب لگتی ہے۔ جناب چیئرمین! امریکی دفتر خارجہ کی طرف سے کراچی میں ہونے والے بم دھماکوں کا حوالہ دیتے ہوئے اپنے شہریوں کو پاکستان آنے سے روکنا، دوسری طرف بار بار پاکستان کی علاقائی خودمختاری، سالمیت اور وقار کی دھجیاں بکھیرتے

ہونے ،بمباری کرنا' اتحادی فوج کی طرف سے بھی کئی مرتبہ فضائی حدود کی خلاف ورزی جیسے جرائم کا ارتکاب کرنا' اس سے ہماری معیشت کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔ جناب چیئرمین! بیرون ملک سے کوئی سرمایہ کار یہاں پر آ کر investment کرنے کے لیے تیار نہیں ہو گا۔

دوسری طرف امریکی دباؤ کے تحت پاکستان' ایران اور بھارت کے درمیان سات ارب ڈالر کی جو 2600 کلومیٹر لمبی پائپ لائن بچھانے جانے کی جو تجویز تھی اس پر بھی ہمارے صدر مملکت جناب مشرف صاحب کہتے ہیں کہ اگر امریکہ چاہتا ہے کہ ہم یہ منصوبہ ختم کریں تو ہمارے نقصان کی تلافی کرے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، دو منٹ آپ کے پاس رہ گئے ہیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب چیئرمین! ہم ہمیشہ برائے فروخت رہتے ہیں۔ کوئی آئے اور ہمارے تمام اثاثہ جات کو کوڑیوں کے مول خرید لے ہم برائے فروخت for sale موجود ہیں۔ جناب چیئرمین! اس کی بھی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے۔ تقریر تو بڑی لمبی چوڑی ہے لیکن میں اس کو مختصر کر کے تجاویز دینا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! PSO کو نج کاری میں دینے کے لیے سیاسی' معاشی اور فوجی نقطہ نگاہ سے ہمیں کافی نقصانات ہونگے اس ضمن میں گزارش ہے کہ ہمارے وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں وہ نوٹ کرلیں کہ 1965 میں ملک میں کام کرنے والی تیل کی تمام کمپنیاں غیر ملکی تھیں۔ جنگ شروع ہوتے ہی انہوں نے تیل کی سپلائی بند کی۔ یہ ایک زبردست معاشی حملہ تھا۔ پاکستان کی سب سے بڑی اور واحد ملکی آئل کمپنی کو قومی مفادات کے تحفظ کے لیے نج کاری میں نہ دیا جائے۔

جناب چیئرمین! اگرچہ بجٹ کے خسارے کو پورا کرنے کے لیے میں ایک دو تجویز دے دیتا ہوں اس کے لیے ایک تو domestic debt اور نمبر ۲ external sources. Domestic bebt میں non-banking اور بنکنگ سیکٹر آتے ہیں۔ Non banking میں نیشنل سیونگ سکیم کو زیادہ ترغیب دینے کے حوالے سے پرکشش مراعات کا اعلان کیا جائے اور پھر سرمایہ کاری کے لیے سیاسی حالات' امن و امان کو برقرار رکھ کے معیشت کا پہیہ چلانا چاہیے۔

جناب چیئرمین! معیشت میں قرضہ ضرور لیا جاتا ہے' قرضہ لینے کا عمل کوئی بری بات نہیں ہے۔ قرضہ خود برا نہیں مگر قرض کا بوجھ برا ہوتا ہے۔ جن کے کندھے مضبوط نہیں ہوتے ان کی کمر بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ جناب چیئرمین! ہم اگر قرضہ لیں گے تو اس کی ادائیگی کے لیے پالیسیاں بھی بنانی چاہییں تاکہ ہم قرضہ واپس بھی کر سکیں۔

اس میں ایک تو میری یہ تجویز ہے کہ sales tax کو 15% سے کم کر کے اگلے پانچ سال تک کم از کم پانچ فیصد تک لایا جائے۔ دوسرے tax دہندگان کے لیے ترغیبات دینی چاہییں مثلاً ایک لاکھ روپے تک tax دینے والے کو یہ offer دی جائے کہ اس کے taxes سے وہ کسی ایک ایسے student کا نام دے جسے میڈیکل کالج میں داخلہ دیا جا سکے۔ دس لاکھ سے بیس لاکھ دینے والے سے انجینئرنگ اور میڈیکل کالج کے ایک ایک student کا نام لیا جائے۔ بیس سے تیس لاکھ والے تک Engineering, Medical اور زراعت کے لیے ایک student کا نام لیا جائے اور آخر میں جناب چیئرمین! ان سب مسائل کا ایک ہی حل ہے اور وہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اسلامی نظام کو نافذ کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین! میں اپنے Minister for State سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ انشاء اللہ ان گزارشات پر غور کریں گے اور جو قابل عمل ہوں وہ ان کو اپنے بجٹ میں شامل کریں گے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you Bangulzai Sahib.

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، آخری speaker بول چکے ہیں مجھے بھی خوشی ہوئی ہے یہ سن کے کہ یہ آخری ہیں وقت کے لحاظ سے۔ بس میں اتنا پوچھنا چاہتی ہوں کہ نام تو میرا بھی تھا لسٹ میں وہ کیا ہوا؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، وہ کل کے لیے تھا۔ Yesterday we called you.

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، نہیں Sir, میں نے request کی تھی written اور آپ نے اس کو پڑھا تھا کہ انہوں نے بھی request کی ہے کہ کل مجھے باری دے دی جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اس وقت اس میں آپ کا نام نہیں تھا تو اس لیے اس لسٹ میں---

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، جناب! یہی تو مجھے بھی سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ میرا نام کہاں چلا گیا۔ مجھے تو یہ پتا نہیں۔ خیر میں اس وقت تقریر نہیں کرنا چاہتی۔ Sir ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، نہیں، میں آپ کو پانچ منٹ دینے کے لیے تیار ہوں۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، چھوڑ دیں، ٹائم کی بات نہیں ہے آئندہ کے لیے مجھے پتا چل جائے کہ نام اس طرح----- چلیں ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ کی leadership نے کاٹ دیا ہے تو پھر----

جناب کامل علی آغا، ہم نے مل کے time limit کے مطابق فیصلہ کیا تھا اور ہم نے اور انہوں نے بھی short list دی تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اچھا چلیں جی یہ تو پھر decision ہو چکا تھا۔ جناب عمر ایوب، Minister of State for Finance to wind up the debate.

جناب عمر ایوب خان (وزیر مملکت برائے خزانہ)، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا اور House کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ پچھلے session میں افراط زر یا inflation پر بات ہوئی ہے اور چند دن پہلے ہمیں Leader of the House کی طرف سے اور joint Adjournment Motion کا notice ملا کہ overall economic activity کے بارے میں اور بجٹ proposals کے بارے میں debate ہوگی۔ جناب چیئرمین! ہمیں خوشی ہوتی ہے کہ یہ ایک democracy کا بہت اہم جز ہے۔ Opposition کے حضرات بھی اور House کے اس طرف Treasury benches سے بھی معزز اراکین اپنی آراء کا اظہار کر سکتے ہیں۔

یہاں پر مختلف باتیں ہوئیں، budgetary proposals بھی آئیں، inflation پر بھی بات ہوئی، current account پر بھی بات ہوئی لیکن جناب چیئرمین! میں بات شروع کروں گا inflation سے کیونکہ یہاں پر بات کی گئی ہے کہ حکومت کو ابھی realization ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین! حقیقت کہنی چاہیے، حقیقت پر مبنی بات کرنی چاہیے۔ یہاں پر State Bank کی رپورٹ جو State of Pakistan's Economy, second quarterly

report ہے اس کو quote کیا گیا ہے۔ یہاں پر مختلف figures دی گئی ہیں۔ تو آئیے! ہم لوگ اپنے سفر کا آغاز وہیں سے شروع کرتے ہیں۔

سب سے پہلے میں آپ کو comparative figures دیتا ہوں۔ یہ کوئی ڈھکے چھپے figures نہیں ہیں' internet پر آپ check کر سکتے ہیں۔ میں ہاؤس کو challenge کر سکتا ہوں کہ جو یہاں پر figures ہیں' میں آپ کے Secretariat کے desk پر آپ کو دے دوں گا' آپ بے شک چیک کرا لیجئے گا۔

جناب چیئرمین! اسلام آباد میں 11-5-2006 کو جو گندم کی قیمت ہے ' گیارہ روپے تیرہ پیسے۔ Latest figure New Delhi سے اٹھائی گئی ہے۔ پچھلے دنوں میں خود بھی حیدر آباد ہندوستان گیا ہوا تھا۔ Governors meeting تھی Asian Development Bank کی۔ اس کا بھی میں آپ کو سناتا ہوں۔ وہاں پر گندم کی قیمت سولہ روپے چوالیس پیسے۔ پاکستان میں گیارہ روپے تیرہ پیسے' بھارت میں سولہ روپے چوالیس پیسے۔ ہم لوگ بہت باتیں کرتے ہیں کہ ہندوستان کے پنجاب میں یہ ہو گیا اور لہراتے ہوئے کھیت ہیں۔ آ جائیے آپ آٹے کی قیمت پر' پاکستان میں تیرہ روپے اسی پیسے اور یہ میں اوسطا قیمت بتا رہا ہوں۔ ہندوستان میں بھی اوسطاً تقریباً سولہ روپے چوالیس پیسے۔ آپ آ جائیے پھر باسمتی چاول وہاں پر بھی کھاتے ہیں۔ بنگلہ دیش میں بھی کھائے جاتے ہیں' پاکستان میں بھی اس کی کھپت ہے۔ بائیس روپے چھیاسٹھ پیسے فی کلو گرام قیمت ہے۔ بھارت میں ستائیس روپے بیس پیسے۔ جناب چیئرمین! مسور کی دال پر آ جائیں۔ پاکستان میں قیمت سینتالیس روپے پچاس پیسے فی کلو گرام۔ ہندوستان میں اڑتالیس روپے چھیانوے پیسے اور یہ میں پاکستانی روپیہ میں convert کر کے آپ کو بتا رہا ہوں۔ آپ آ جائیں ماش کی دال پر۔ پچھتر روپے پچھتر پیسے پاکستان میں۔ بھارت میں اکیاسی روپے ساٹھ پیسے۔ آپ آ جائیں gram pulse wash پر' چالیس روپے اڑتیس پیسے پاکستان میں' تینتالیس روپے باون پیسے ہندوستان میں۔ آ جائیں چینی کی بات کرتے ہیں۔ پاکستان میں' چونکہ ہمارے ہاں demand بھی بڑی ہے اور shortage بھی ہوئی ہے اور ہم نے import بھی کی ہے۔ اس کی وجہ سے میں برملا یہاں پر کہتا ہوں price differential ہے ۔ Rs.37/= پاکستان میں۔ تیس روپے ہندوستان میں۔ باوجود اس کے کہ یہاں پر ڈیمانڈ بھی زیادہ ہوئی ہے

اور shortage بھی ہوئی ہے - Import بھی کی ہے۔ آپ آ جائیں جناب ڈیزل کی قیمت پر۔ فی لیٹر پاکستان میں اڑتیس روپے اسی پیسے' ہندوستان میں بیالیس روپے بائیس پیسے۔ آپ آ جائیں سپر پٹرول پر۔ ستاون روپے ستر پیسے۔ ہندوستان میں ساٹھ روپے بانوے پیسے۔ مٹی کے تیل کی قیمت پاکستان میں جناب چیئرمین چالیس روپے' ہندوستان میں اڑتالیس روپے چھیانوے پیسے۔ یہ تو myth ہو گئی یہاں پر کہ regional prices پاکستان میں زیادہ ہیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے جناب چیئرمین! یہ کوئی ایک دن کا کام نہیں ہے۔ ایک مہینے سے ایک دم کم نہیں ہوئی۔ اس پر متواتر حکومت نے کوشش کی ہے۔ کوشش کیوں کی ہے؟ کیونکہ ہم لوگ عوام کے نمائندے ہیں۔ یہاں پر ہمیں عوام کے سامنے جوابدہ ہونا پڑتا ہے۔ اب آ جاتے ہیں سٹیٹ بینک کی رپورٹ پر' جسے ایوان میں quote کیا گیا ہے - آپ جناب چیئرمین! سٹیٹ بینک کی رپورٹ پڑھیں۔ Inflation بھی پڑھیں۔ آپ کو میں ابھی دکھا دیتا ہوں کہ جو inflation کا trend ہے اس پر متواتر یہ کہا گیا ہے کہ آپ کی inflation over all CPI جو ہے اس کا trend downwards جا رہا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ کیا ہے ؟ آپ core inflation دیکھ لیں۔ Non inflation دیکھ لیں۔ اس کا trend نیچے جا رہا ہے۔ سٹیٹ بینک کی اس رپورٹ میں لکھا ہوا ہے اور یہ کوئی ایک مہینے میں نہیں ہوا۔ یہ اس وقت ہوا ہے جناب چیئرمین! جب حکومت نے یہ چیز محسوس کی کہ Inflation اوپر جا رہی ہے۔ صدر مملکت صاحب کہہ رہے ہیں۔ وزیر اعظم پاکستان کہہ رہے ہیں۔ حکومت خود کہہ رہی ہے کہ inflation کیوں اوپر گئی۔ اس پر بھی میں آپ سے بات کرتا ہوں اور ایوان اور عوام کو بتاتا ہوں۔ Inflation اوپر جانے کی دو وجوہات ہیں۔ جب ۱۹۹۹ء کے بعد پاکستان میں recession تھا۔ اس سے پہلے بھی recession تھا industrial growth نہیں تھی۔ اس وقت سٹیٹ بینک کی monetary policy جو تھی' وہ neutral تھی اور accommodative تھی interest rate یا mark up rate نیچے تھے۔ اس کی وجہ سے economy کو تیز رفتاری دینی تھی۔ اس وجہ سے جب credit اور money supply بڑھتی رہی اور اس کے ساتھ ساتھ strong demand بھی آئی کیونکہ industrial activity جب بڑھنے لگی تو اس کے ساتھ آپ کے demand factors بھی بڑھے' اس کے ساتھ کھپت زیادہ ہونے لگی' demand factors زیادہ ہونے لگے'

inflation اور قیمتوں میں تیزی آنے لگی، ہم لوگ اس کو مانتے ہیں۔ Floor of the House پر میں نے پہلے بھی بات کی ہے، وزیر اعظم صاحب، صدر مملکت صاحب بھی کرتے ہیں، کابینہ اس چیز کا اعتراف کرتی ہے لیکن ہم نے اس کی روک تھام بھی کی ہے اور اس کا trend نیچے آ رہا ہے۔ ہمارا target بھی یہی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ ہم inflation کو 8 فیصد یا اس سے نیچے ہی رکھیں۔

جناب چیئرمین! آپ اپنی معیشت کا سائز دیکھیں، جناب اسحاق ڈار صاحب یہاں بیٹھے ہیں، ماشااللہ Finance Minister رہ چکے ہیں، 99-1998 میں آپ کی معیشت کا سائز تقریباً 62, 63 billion dollars تھا، آج اللہ کے فضل و کرم سے آپ کی economy تقریباً دگنی ہو چکی ہے۔ جناب چیئرمین! جب economy دگنی ہو جاتی ہے، میں یہ بات ہر جگہ کرتا ہوں کہ آپ کی گاڑی میں جہاں چار سلنڈر لگے ہوں، پھر آپ آٹھ سلنڈر کی گاڑی چلانے لگیں، اس آٹھ سلنڈر گاڑی کو چلانے سے آپ کی ضروریات بھی زیادہ ہو جاتی ہیں۔ آپ کو ایندھن زیادہ چاہیے، پانی زیادہ چاہیے، یہی حال ہماری معیشت کا ہے۔ جب آپ کی معیشت بڑھی ہے تو اسکے ساتھ oil consumption بھی بڑھی ہے۔ Oil consumption کس وجہ سے بڑھی ہے؟ کیونکہ بدقسمتی سے ہمارا energy balance ------- چونکہ ہماری thermal generation زیادہ ہے اور ہمیں افسوس سے یہ بات کرنی پڑتی ہے کہ ہم لوگ اپنی 65% بجلی تیل سے produce کرتے ہیں، 35% ہائیڈل یا پانی سے پیدا کرتے ہیں۔ تیل ہمیں باہر سے import کرنا پڑتا ہے۔ پاکستان کی تیل کی requirements 82% ہم باہر سے import کر کے پوری کرتے ہیں۔ تقریباً چھ سات ارب ڈالر سالانہ صرف oil import bill پر لگتا ہے۔ دوسری طرف آپ کے دریاؤں میں تقریباً چالیس ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی سکت ہے اور صدر پاکستان، جنرل پرویز مشرف صاحب ہیں، جنہوں نے تربیلا، خانپور اور منگلا ڈیم کے بعد بھاشا ڈیم کی ground breaking کی ہے، بیچ میں بھی حکومتیں آئیں، انہوں نے ایسا کیوں نہیں کیا؟ پاکستان کی energy requirement ہے اور یہی وجہ ہے جناب چیئرمین! کہ جب آپ کی معیشت بڑھی ہے، تیل کی requirement بھی بڑھی ہے، ہمیں import bill بھی زیادہ دینا پڑا ہے۔

ہم imports پر آتے ہیں تو جناب چیئرمین! آپ یہ دیکھیں کہ ہمارا import bill

بڑھنے کی وجہ کیا ہے؟ تین وجوہات ہیں' میں اس کو بھی معیشت کے ساتھ tie up کرتا ہوں۔ سب سے بڑی وجہ oil import bill, ہے۔ اس کے ساتھ آپ machinery imports دیکھیں' machinery آپ کے کس کام آتی ہے؟ آپ machinery استعمال کرتے ہیں' آج آپ اس میں investment کرتے ہیں اور اس سے ایک سال بعد کماتے ہیں' جب وہ production میں آتی ہے۔ آپ کا telecommunication system totally overhaul ہو رہا ہے' وہاں پر investment ہو رہی ہے۔ آپ کے light engineering sector میں investment ہو رہی ہے اور میں اس پر بھی آتا ہوں۔

جناب چیئرمین! آپ یہ دیکھیں کہ آپ کی import machinery میں ہے' آپ کی import oil, raw material میں ہے۔ پاکستان میں raw material کس لیے استعمال ہو رہا ہے؟ Raw material استعمال ہو رہا ہے جس سے آپ کی industrial activity تیزی سے بڑھ رہی ہے' اس کو feed کرنے کے لیے import ہو رہا ہے۔ آپ پلاسٹک اور باقی raw material لاتے ہیں' وہ consumer items میں تو نہیں جا رہا' وہ آپ کی porduction activity میں جا رہا ہے۔ میں آپ کو اوسطاً بتاتا ہوں جناب چیئرمین! کہ جب ایک assembly line کی نوکری لگتی ہے' جب آدمی ایک assembly line پر ملازم ہوتا ہے تو اس value chain میں آٹھ' نو اور بھی لوگوں کو روزگار فراہم کرتا ہے کیونکہ port سے لے کر finished goods تک ساری ایک value chain بنتی ہے۔ جناب چیئرمین! ہم اس پر آتے ہیں' میں چھ ماہ کی production figures دے رہا ہوں' یہ State Bank کی report ہے' page No. 18 پر table 2.9 ہے۔ اس میں جناب چیئرمین! میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ 2004 میں جولائی سے لے کر جنوری تک production 1,65,080 motorcycles تھی۔ اس سال 2006 میں جناب چیئرمین! چھ ماہ کی production 3,00,000 motorcycles ہو چکی ہے' جو کہ تقریباً دوگنی production ہے۔ پاکستان میں انشاء اللہ تعالیٰ اس سال light engineering sector میں تقریباً تین لاکھ موٹر سائیکل بنیں گے' سال میں چھ لاکھ بنیں گے۔ موٹر سائیکل کون سا bank executive استعمال کرتا ہے؟ آجکل آپ موٹر سائیکل کمپنیوں کے اشتہار دیکھیں' سب rural areas میں ہیں اور جب وہاں پر ایک job create کرتے ہیں' مغربی یا دوسرے ممالک

تو ایسی growth rate دیکھ کر تڑپتے ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ ٹریکٹر کی production پر آ جائیں۔ ٹریکٹر کونسا بیلو ایریا یا آئی آئی چندریگر روڈ پر دوڑتا پھرتا ہے۔ ٹریکٹر آپ کے کسان کھیتی باڑی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ٹریکٹر آپ کا محنت کش کسان اپنی production کو increase کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ جناب چیئرمین! ٹریکٹر کی production دیکھیں۔ 2004ء کے ایک سال میں چھ مہینے کی figures میں دیتا ہوں۔ 20131 ٹریکٹر' آپ آج کی figures دیکھیں 37424 آپ کے مزدور کہاں آئے اور کسانوں کے پاس پیسہ ٹریکٹر خریدنے کے لیے کہاں سے آیا۔ کیا یہ ٹریکٹر انہوں نے شوروم میں رکھے ہوتے ہیں۔ یہ ٹریکٹر شو روم میں آتا ہے تو آپ کا کسان اس کو خرید رہا ہے۔ 37000 آپ کا چھ مہینوں میں double ہو رہا ہے۔ اس کو دو سے ضرب دیں آپ کی production double ہو جاتی ہے۔ تقریباً آپ کی production almost 73000 سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔ جناب چیئرمین! کہنے کا مقصد یہ ہے کہ شکر الحمد للہ industrial sectors کی یہاں پر value addition ہو رہی ہے۔ وہ بڑھ رہے ہیں' figures آپ کو بتا رہے ہیں۔ ٹریکٹر جو چل رہا ہے وہ آپ کا کسان اور مزدور چلا رہا ہے۔ وہ کوئی ہوا سے اس کا انجن نہیں بھر رہا' اس کو ڈیزل چاہیے۔ ڈیزل ہمیں import کرنا پڑتا ہے۔

جناب چیئرمین! ہم پھر ٹرک پر آ جاتے ہیں۔ ٹرک کی production 2004 میں پاکستان میں 1140 چھ مہینوں میں' 2280 سال کی' اس سال آپ دیکھیں۔ 2453 چھ مہینوں کی اس کو double کر دیں۔ تقریباً پانچ ہزار ٹرک' ٹرک کونسا executive استعمال کرتا ہے۔ ٹرک استعمال ہوتا ہے آپ کے گڈز اور ٹرانسپورٹیشن میں' تمام چیزیں بجری' سریا' بھوسا' ٹماٹر' آلو جو ٹرانسپورٹیشن سسٹم ہے' وہ آپ کے ٹرک پر استعمال ہوتا ہے۔ جناب چیئرمین! کہنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ کے figures جو یہاں پر ہمارے اپوزیشن بزرگ' بھائی اور بہنیں quote کر رہی تھیں' وہی figures میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ آپ کی economy آپ کی معیشت بڑھ رہی ہے۔ وہاں پر job requirement بڑھ رہی ہیں۔ یہاں پر کہتے ہیں کہ jobs کس طرح بنیں' جب production facilities آ رہی ہیں تو اس کی وجہ سے jobs بن رہی ہیں۔ جناب چیئرمین! اس کی اور dynamics ہیں۔ آپ ایک چیز پر آئیں۔ پاکستان میں ایک سانحہ ہوا'

پاکستان پر ایک قیامت ٹوٹی، آزاد جموں وکشمیر میں اور صوبہ سرحد میں جو زلزلہ ۸ اکتوبر کو آیا۔ چند سیکنڈ میں تقریباً ۷۰ ہزار ہمارے لوگ شہید ہو گئے۔ جناب چیئرمین! اور جو انفراسٹرکچر ہمارا بنا تھا ہمارے سکول، روڈز، مکانات تباہ و برباد ہو گئے۔ اس کو relief operation دینے کے لیے، اس علاقے کو reconstruction دینے کے لیے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان کی معیشت میں اتنی طاقت تھی کہ وہ ہم نے برداشت کیا۔ جناب چیئرمین! تیل کی قیمتیں دیکھیں، تیل کی قیمتیں آج سے کچھ سال پہلے ۱۰ ڈالر فی بیرل ہوا کرتی تھی۔ لوگ سوچ بھی نہیں سکتے تھے اور مجھے آج بھی یاد ہے۔ 1999/2000ء میں اکانومسٹ کا ایک جریدہ ہے۔ ہر دو ہفتے کے بعد وہ میگزین انگلستان سے شائع ہوتا ہے۔ وہاں پر لکھا ہوا تھا the era of low oil prices 10 $ of barrel آج سات گنا زیادہ تیل کی قیمت ہو گئی ہے۔ میں ہندوستان میں تھا وہاں پر مختلف لوگ بات کر رہے تھے، مختلف فنانس منسٹرز جو oil importing ملک کے تھے انہوں نے انگریزی میں مجھ سے پوچھا کہ what did awake you at night تو میں نے کہا کہ the oil prices اور انہوں نے کہا کہ چاہے امریکہ کا ہو، چاہے وہ ملائیشیا کا ہو، چاہے وہ ہندوستان کا ہو، چاہے وہ بنگلہ دیش کا فنانس منسٹر ہو، چین کا ہو، جو oil importing countries ہیں، آج سب سے بڑا چیلنج ہمارے لیے oil کی قیمتیں ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم نے economic growth sustain بھی کرنی ہے۔ جناب چیئرمین! دو major shocks کے باوجود اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قیمتوں کا جو trend ہے۔ اس کو ہم نے کنٹرول کیا اور نیچے لائے۔ وہ کیسے؟ یہ کسی کے پاس جادو کی چھڑی نہیں ہے کہ وہ ایک دم قیمتوں کو کنٹرول کر دے۔ یہاں پر بہت باتیں ہوئیں کہ ہم یہاں پر prices monitoring committees بنائیں گے ہم یہ کریں گے، حکومت کیوں نہیں کر رہی۔ جناب چیئرمین! وزیر اعظم صاحب نے بنائی لیکن بنیادی وجہ یہ ہے کہ آج کل کے دور میں یہ کوئی Cuba, North Korea or Communist country نہیں ہے، چین یا روس جو کہ پہلے communist counrty تھے انہوں نے بھی market economy adopt کی ہے۔ یہاں آپ کسی کے سر پر ڈنڈا اٹھا کر نہیں کہہ سکتے کہ یہ چیز اتنے کی بیچو، اس چیز کو supply کے ساتھ کرنا پڑتا ہے۔ ہم نے دیکھا کہ قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے اور input کوئی نہیں، دیکھا چینی کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، پاکستان میں مہینے کی

requirement 3 lac ton ہے اور اس ایک لاکھ ٹن میں سے ہم لوگ consume کرتے ہیں 35ہزار ٹن۔ چینی یوٹیلٹی سٹور پر وزیر اعظم صاحب کی directions پر سستے داموں ساڑھے ستائیس روپے کلو فروخت ہو رہی ہے' یہ 33% کیوں؟ چونکہ وہ ایک level ہے جو کہ ہم نے دیکھا کہ اس level میں salaried لوگ ہیں یا جن لوگوں کی قوت خرید نہیں ہے تو ان کے لئے availability ہو' ان کے لیے ہم نے یہ اقدام کیا۔ جب آٹے کی قیمت تیز ہو رہی تھی تو ہم نے یوٹیلٹی سٹورز کے ذریعے سستے داموں آٹا بیچا۔

جناب چیئرمین! یہ اس وقت ہو سکتا ہے جب حکومت کے پاس خرچے کی طاقت ہو' یہ چیزیں باہر سے نہیں آتیں۔ بات کرتے ہیں unemployment کی میں نے آپ کو بیروزگاری کے figures بتائے' automobile sector کے بتائے۔ آپ سیمنٹ لے لیں' کچھ سال پہلے پاکستان میں سیمنٹ کی production سال کی 16 million ton ہوا کرتی تھی۔ آج میں انہی Cement Companies اور ان کی قیمتوں پر بات کرتا ہوں۔ انہی Cement Companies کی production اس وقت 32 million ton سے زیادہ ہو رہی ہے اور اگلے چند مہینوں میں مزید capacity آ رہی ہے۔ جب Cement Companies پر demand تیز ہوئی ہے اور کوئی ملی بھگت ہوئی اور انہوں نے جب قیمتیں زیادہ کیں' 50 کلو گرام کی بوری 400 روپے تک پہنچی تو ECC نے' حکومت پاکستان نے وزیر اعظم صاحب کی directions پر سیمنٹ کی export پر ban لگایا اور اسی سیمنٹ کی بوری کی قیمت نیچے آنے لگی اور جہاں سے اس کی قیمت 305 اور 310 روپے تک شروع ہوئی تھی وہاں پر آئی۔ سریے کی قیمت میں اضافہ ہوا وہ نیچے آیا' building material کی cost کو حکومت نے control کیا اور یہ بھی افراط زر یا inflation میں شامل ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر تین variables ہیں جو کہ آپ کی inflation or CPI کو ملاتی ہیں۔ ایک food inflation. میں نے اس پر بات کی کہ ہم نے چینی پر اقدام لیا' ہم نے باقی چیزوں کو دیکھا' supply lines کھولیں اور اس کے ساتھ ساتھ آپ State Bank کی رپورٹ پڑھیں کہ آپ کی inflation نیچے آ رہی ہے۔ دوسری چیز آپ house rent دیکھیں' اس میں سریا اور سیمنٹ آتا ہے' اس کو control کیا تو تب ہی CPI نیچے آ رہا ہے۔

Fuel inflation کے بارے میں ہماری کوشش ہے کہ ہم pass on نہ کریں۔ پاکستان میں ڈیزل کی قیمت ہندوستان سے کم ہے تو وہ کیسے کم ہے' پاکستان کے پاس ایسی کیا جگاڑ ہے کہ ہم لوگ ڈیزل کم قیمت پر فروخت کر رہے ہیں۔ ہم لوگ اس لیے کر رہے ہیں کیونکہ حکومت جس دام پر تیل خریدتی ہے وہ اس دام پر تیل عوام میں بیچتے ہیں' اس کا جو فرق ہے وہ حکومت خود برداشت کر رہی ہے' وہ عوام تک نہیں پہنچنے دے رہی۔ یہی بات مٹی کے تیل کی ہے کہ حکومت اس چیز کو absorb کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین! ہم لوگ بات کرتے ہیں کہ پاکستان کے قرضے' ہمارے یہاں پر محترم سینیٹر صاحب نے کہا کہ قرضوں کی بات ہوئی' factual position بیرونی قرضے پاکستان میں 99-1998ء میں آپ GDP کا حصہ دیکھیں تو 66.3% تھے' اس کا بوجھ پاکستان پر ہی تھا' interest payment submit کرنی پڑتی تھی' سود در سود دینا پڑتا تھا۔ آج آپ تقریباً 2005-6 کی figure دیکھیں تو آپ پر 30.5% بیرونی قرضے کا بوجھ ہے' GDP size بڑھ گیا ہے اور ہم لوگ جو bonds باہر issue کر رہے ہیں اور ہم نے 800 millions کے bonds issue کیے ہیں تو 30 سال کا yield curve بنا' میں آپ کو technical زبان میں بتا رہا ہوں' اس کو میں simple language میں کہتا ہوں' technical language yield curve جو بنتا ہے کہ آپ کا risk profile کیا ہے۔ پہلے پاکستان کے 30 سال کے yield bond کو کوئی ہاتھ نہیں لگاتا تھا' اس کا مطلب یہ ہے کہ اس bond کی قیمت کا قرضہ ہم اس وقت دیں جبکہ ہم یہاں اس وقت بیٹھے ہیں یعنی 30 سال بعد ہمارے بچے بھی انشاء اللہ تعالیٰ جوان ہوں گے اور کئی اللہ کو پیارے بھی ہو چکے ہوں گے لیکن آپ کو وہ 30 سال بعد دینا پڑے گا۔ Long term پاکستان کی viability ہے اور international market میں ہمارے کوئی رشتہ دار نہیں بیٹھے ہوئے ہیں' یہاں پر hard core professional analysts بیٹھے ہوئے ہیں جو کہ ایک percentage point, جناب چیئرمین! ایک percentage point میں 100 basic points ہوتے ہیں' اس کا 1/100 جو ہے' اس basic points پر وہ سودا کرتے ہیں۔ وہ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں' وہ پاکستان کی economy کو جانچتے ہیں' پرکھتے ہیں' check کرتے ہیں پھر pricing کرتے ہیں۔ International markets آپ کو سراہ رہی ہیں کہ آپ کی economy

strong bases پر ہے' اس کے اثرات عوام تک پہنچ رہے ہیں' growth آ رہی ہے۔ Pakistan Development Forum میں جو ہمارے partners in progress ہیں' multi lateral agencies باقی لوگ بھی bilateral سب نے اس چیز کو سراہا۔ جناب چیئرمین! آپ یہ دیکھیں کہ آپ net credit flows to the private sector یعنی کہ جو قرضے private sector کو دیئے گئے ہیں' وہ 99-1998 میں پچاس ارب روپے تھے' جناب چیئرمین! 2005 میں چار سو پچاس ارب روپے ہو چکے ہیں۔ آپ موازنہ کریں کہ ایک سال میں پچاس ارب اور 2005 میں چار سو پچاس ارب روپے' یہ پیسہ private sector میں گیا ہے' industrial growth میں گیا ہے' آپ کے working capital میں گیا ہے' آپ کی industry میں گیا ہے۔ تبھی تو یہ فیکٹری والے فیکٹریاں لگا رہے ہیں اور growth potential آ رہی ہے' جناب چیئرمین! یہی وجہ ہے کہ پاکستان کی معیشت میں 55 لاکھ نئی ملازمتیں پچھلے سال create کی ہیں' آپ کی بے روزگاری کی شرح نیچے آ گئی ہے' 55 لاکھ نئی نوکریاں create کرنا' کوئی چھوٹی بات نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! لوگ غربت کی بات کرتے ہیں' میں نے آپ کو industrial figures پڑھ کر سنائی ہیں' میں نے آپ کو inflation کے بارے میں بتایا ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں کہ جب اتنی industrial activity ہو رہی ہو' جب آپ کا کاشتکار tractors خرید رہا ہو۔ اس کے پاس پیسہ کہاں سے آیا؟ آپ کے زرعی banks جو ہیں' آپ کے commercial banks بھی قرضہ دے رہے ہیں اور کاشتکار کے پاس قوت خرید ہے تو وہ tractors purchase کر رہا ہے۔ مجھے بتائیں کہ یہاں پر House کے کتنے ارکان ہیں جو اپنے tractor پر یہاں Senate میں آئے' ایک بھی نہیں ہوگا۔ آپ کا مزدور اور کاشتکار ٹرالی لے کر tractor کو چلا رہا ہے۔ انہوں نے جب اپنا پیسہ لگایا' اس کی productivity آئی۔ بے روزگاری کیسے نہیں کم ہو گی' غربت کیسے نہیں کم ہو گی' پانی کے بہتر استعمال سے کیسے آپ کی غربت کم نہیں ہو گی۔ 2001 میں 32.1% آپ کی poverty calculate ہوتی ہے' ایک پیمانہ ہوتا ہے' 32.1% کا' خشک سالی کا سال تھا۔ جناب چیئرمین! ساری دنیا ان figures کو check کرتی ہے اور statisticians بھی ہوتے ہیں' یہ سارے لوگ کوئی مذاق نہیں ہیں' یہ exact science

ہے۔

ان اقدامات کی وجہ سے آپ کی بے روزگاری کی figures جب جنرل پرویز مشرف ملک کے Chief Executive تھے اور شوکت عزیز صاحب Finance Minister تھے، انہوں جو اقدامات کیے، آج ہمیں ان کا پھل مل رہا ہے۔ ہم لوگ 25.1 فیصد پر غربت لے آئے ہیں اور کیا یہ کافی ہے، بالکل نہیں۔ ہم لوگ سکون اور چین سے نہیں بیٹھ نہیں سکتے جب تک ہم اس غربت کی figure کو اور نیچے نہ لائیں۔ جناب چیئرمین! انشاء اللہ minimum level, possible یہ ہمارا target ہے کیونکہ ہم نے اس ملک میں جینا ہے، انشاء اللہ تعالیٰ ہم نے اس دھرتی کی مٹی کے اندر دفن ہونا ہے۔ ہم یہ کیسے برداشت کریں کہ ہمارے ملک میں غربت ہو اور اس پر ہم اپنی پوری محنت کریں گے۔

جناب چیئرمین! بات آپ کی ترقیاتی بجٹ کے بارے میں ہوتی ہے، آپ کی budget making کے بارے میں بات ہوتی ہے۔ آپ کی معیشت تیز رفتاری سے grow کر رہی ہے تو آپ کے پاس جو development expenditures ہیں، میں development expenditures نہیں کہوں گا، investment کہوں گا، اس پر آپ تبھی invest کرسکتے ہیں جب آپ کی معیشت میں طاقت ہو۔ پچھلے سال پاکستان کی تاریخ میں مجھے بجٹ پیش کرنے کا اعزاز حاصل تھا، 1098 ارب روپے کا بجٹ پیش کیا اور اس میں ترقیاتی بجٹ total 304 ارب روپے کا تھا، پاکستان کی تاریخ میں ترقیاتی مد میں اتنا بڑا بجٹ کبھی پیش نہیں ہوا۔ اس میں total budget کا 25% حصہ ترقیاتی سکیموں میں تھا۔ جناب چیئرمین! لوگ کہتے ہیں میگاپروجیکٹ، اس پر بھی آتے ہیں لیکن ہم لوگ چھوٹے پروجیکٹس کی بات کرتے ہیں۔ وزیر اعظم اور صدر مملکت جب کہتے ہیں کہ روشن پاکستان، پاکستان کے ہر شہر اور گاؤں میں ہمارا ہدف ہے کہ ہم نے بجلی پہنچانی ہے۔ جناب! میں ایک پہاڑی علاقے کی نمائندگی پاکستان کی قومی اسمبلی میں کرتا ہوں۔ یقین جانیں جس گاؤں یا قصبے میں سڑک یا بجلی پہنچ جائے اس علاقے کی تقدیر تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان مارگلہ پہاڑیوں کے پیچھے آپ چلے جائیں سنگڑہ گلی نامی ایک جگہ ہے، نیلاں بھوتو، کھاریاں، جھلیس، بانٹھ ہے۔ ان علاقوں میں آپ چلے جائیں، یہاں پر سڑک گئی ہے ان لوگوں کی تقدیر بدل گئی ہے۔ روزگار کے مواقع لوگوں کے لیے نکل آتے ہیں۔ آپ

بلوچستان میں چلے جائیں' آپ ڈی جی خان' ٹوبہ ٹیک سنگھ' خانیوال' تھرپارکر اور بلوچستان کے کسی بھی شہر میں چلے جائیں۔ پشین' ژوب چلے جائیں جہاں پر سڑک' بجلی اور پانی کی فراہمی ہو جاتی ہے تقدیر وہاں پر لوگوں کی بدل جاتی ہے' اور اسی وجہ سے خوشحال پاکستان پروگرام اسی چیز کو target کرتا ہے جس پر کل ہم لوگ یہاں پر وقفہ سوالات کے دوران بحث کر رہے تھے۔

جناب چیئرمین! جب وزیر اعظم صاحب بلوچستان گئے' میں بلوچستان کی مثال اس لیے دیتا ہوں کہ ہر کوئی یہاں اس کے بارے میں بات کرتا ہے کہ محرومی کا شکار ہے۔ سابقہ حکومتوں میں محرومی کا شکار تھا۔ ابھی ہم لوگ اس کا ازالہ کر رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان کو فی ضلع دس کروڑ روپے انہی چیزوں کے لیے دیا گیا ہے تاکہ ان کو بجلی' پانی' سڑکوں اور نکاسی آب وغیرہ کی سہولتیں فراہم ہوسکیں۔ یہ تو میں چھوٹے لیول کے پروجیکٹس کی بات کر رہا ہوں۔ بڑے level کے projects اگر آپ دیکھیں۔ ہمارا مستقبل اگر کسی صوبے کے ساتھ انشاء اللہ وابستہ ہے تو وہ بلوچستان کے ساتھ وابستہ ہے۔

گوادر پورٹ کا مسئلہ دنیا کے سامنے جتنی تیزی کے ساتھ آ رہا ہے۔ دنیا کو نظر آرہا ہے کہ چین جس تیزی کے ساتھ ترقی کر رہا ہے۔ چین کی سپلائی لائین' چین کی حکومت اور سارے لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں energy requirements چاہییں۔ وہ کہاں سے جائیں گی؟ چین کے پاس ایک ہی رستہ ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ وہ پاکستان براستہ گوادر ہے' اور اسی لائن کے اوپر سے یہ جائے گی۔ ہمارے شمالی علاقہ جات کے ذریعے چین کے صوبوں تک جائے گا۔

جناب چیئرمین! پاکستان کی معیشت جیسے آگے جا رہی ہے۔ ہمارے پاس تین constraints ہیں جن کے اوپر نظرثانی کرنی ہے۔ اس کو دیکھنا اور enblock کرکے اس پر محنت کرنی ہے۔ میں نے آپ کو آٹھ سلنڈر گاڑی کی مثال دی۔ اس کو چلاتے ہیں' اس کا انجن بڑا ہوتا ہے۔ اس کے لیے آپ کو سڑک بھی کشادہ چاہیے ہوتی ہے۔ Infrastructure آپ کو بنانا ہوگا۔ ہم لوگ جس وجہ سے مار کھا رہے ہیں productivity کے بارے میں' میں بات کروں گا چونکہ budgetary proposals ابھی آ رہی ہیں۔ ہمارے اس ہاؤس کی proposals بھی آئیں گی۔ ان کی Standing Committee of Senate on Finance and Revenue

proposals بھی ہم لوگ لیں گے جب finance bill وہاں پر پیش ہوگا اور آپ کے پاس transmit ہو گا۔

جناب چیئرمین! ہم نے یہ دیکھا ہے کہ اپنا infrastructure develop کردیں ہر سال پاکستان اپنی GDP کا 4% inefficiency کی وجہ سے گنوا دیتا ہے ' loss ہوتا ہے چار ارب ڈالر سالانہ' چار ارب ڈالر' آپ سوچیں کہ' آپ کہاں کہاں پر اس کو استعمال نہیں کرسکتے۔

جناب چیئرمین! ایک ڈیم ہمارا انشاء اللہ تعالیٰ جب تعمیر ہوگا اس کا return جو ہماری economy پر ہوگا جو direct impact economy پر ہوگا۔ آپ کے economy میں تین سو چار ارب ڈالر کا فائدہ آپ کی معیشت کو براہ راست پہنچے گا۔ تین سو چار ارب ڈالر آپ کے ایک آبی ذخیرے سے جب بھاشا ڈیم بنے گا' جب کالا باغ ڈیم' اکھوڑی ڈیم اور منڈا ڈیم بنیں گے۔ یہ ہمارا کوئی بزنس نہیں ہے یہ اس ملک کی تقدیر اور اس کے مستقبل کا سوال ہے۔ ہم لوگ ہوں یا نہ ہوں یہ ہمارے بچوں کے مستقبل کا سوال ہے اور یہ ڈیم ہمیں بنانے پڑیں گے کہ ہم نے اس economic growth rate کو آگے لے کر جانا ہے۔

Per capita income کے بارے میں بات ہوئی کہ آٹھ سو ڈالر' یہ اوسطاً figure ہے اور ہمارا ہدف ہے اس کو ہم لوگ اگلے سات سے آٹھ سالوں میں اسی economic growth rate کو maintain کرتے ہوئے double کریں۔ اس کا مقصد کیا ہے' کہ ہمارے ملک میں غربت انشاء اللہ تعالیٰ کم ہوگی' ہمارے ملک میں اور خوشحالی آئے گی۔ ہمارا بنیادی مقصد جناب چیئرمین! جو دوسری constraint ہے جو میرے نظریئے میں سب سے اہم ہے۔ ہمیں ایک جفاکش' ہنرمند قوم اور نوجوان چاہییں' خواتین چاہییں جو ہماری قوم کی تقدیر کو بدل سکیں۔ جن کے ہاتھ میں ہنر ہو۔ جن لوگوں کا یہاں پر انڈسٹری کے ساتھ تعلق ہے' اسحاق ڈار صاحب تشریف فرما ہیں' ان کا تعلق چارٹرڈ اکاؤنٹینسی کے پیشے سے ہے' جہاں پر ان کے پاس آج کل پاکستان میں چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ آتے ہیں' بیرون ملک والے ان کو لے کر چلے جاتے ہیں۔ کیوں؟ اس لیے یہاں پر ہماری بہترین ٹریننگ ہے۔ ہم اپنے ورکرز کو train کرکے باہر بھی بھیجنا چاہتے ہیں اور ملک کے اندر بھی' کیونکہ demand ہے۔ کارخانوں میں labour shortage آ رہی ہے کیونکہ تیزی سے skilled workers کی demand اتنی ہے' telecommunication

sector میں آپ کے engineers, electricians کی shortage ہے' پانچ ہزار workers باہر سے آ کر پاکستان میں کام کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! ہم نے ایک trained manpower force بنانی ہے جس کے لیے National Technical Vocational Training Authority وزیر اعظم صاحب نے قائم کی ہے اور ہم نے project شروع بھی کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین! تیسری چیز' میں نے infrastructure کے بارے میں بات کر لی ہے' ہم نے اپنے human resource development کی بات کر لی ہے' ہم ابھی اپنی energy requirements پر آتے ہیں' ہم نے dams بنانے ہیں تاکہ ہماری energy آئے' چالیس ہزار میگاواٹ کی جو میں نے بات کی ہے اس کو ہم نے harness کرنا ہے' ہم نے اپنی انڈسٹری کو سستی بجلی فراہم کرنی ہے' اس سے ہماری خوشحالی آئے گی۔ ہم لوگ تو یہاں پر ایک چھوٹی سی چیز پر پھنس جاتے ہیں۔ آپ باقی picture بھی دیکھیں جب آپ رپورٹ کے ایک لفظ کو دیکھتے ہیں تو پھر ذرا باقی رپورٹ بھی غور سے پڑھیں اور میں آپ کو کافی چیزیں پڑھ کر بھی بتا سکتا ہوں' غور سے پڑھیں آپ کو اس کا بھی پتا لگے گا۔

جناب چیئرمین! اب ہم پاکستان کی competitiveness پر آتے ہیں۔ کل جب میں ہاؤس سے اجازت لے کر گیا تھا اور اپنے وقفہ سوالات میں جو اپنے سوالات next rota day پر defer کرائے تھے' وہ کیا وجہ تھی؟ آئرلینڈ کے سابق وزیر اعظم یہاں پاکستان آئے تھے' آئرلینڈ وہ ملک ہے جو آج سے تقریباً سولہ سال پہلے' اخبارات میں لوگ پڑھتے ہوں گے' وہاں پر خانہ جنگی تھی' لوگوں کے گھر جو ہیں وہ ایک گھر ادھر' ایک گھر ادھر' جس طرح ایک زمانے میں برلن دیوار ہوا کرتی تھی' بیچ میں برلن دیوار تھی' ایک دیوار تھی اور لوگ ایک دوسرے کو مارا کرتے تھے کیونکہ ایک سائیڈ کیتھولک تھی' دوسری سائیڈ پروٹسٹنٹ تھی' اس وزیر اعظم نے ان کو ساتھ ملایا اور اس ملک کے لوگ ملک چھوڑ کر باہر جا رہے تھے' engineer train ہوتا تھا' وہ باہر چلا جاتا تھا' doctor train ہوتا تھا' باہر چلا جاتا تھا' ان کے پاس مواقع نہیں تھے۔ اس وزیر اعظم نے اس ملک کی تقدیر تبدیل کی' اس نے competitiveness کا issue بنایا کہ آئرلینڈ ان دنوں میں دوسرے ملکوں کے ساتھ کیسے مقابلہ کر سکتا ہے۔ اس کو ہم لوگ یہاں پر لائے تھے - Asia Pacific Regional Conference یہاں پر آئی تھی -

Competitivenessکے ماہرین جنہوں نے چین کے ساتھ کام کیا ہے' آئرلینڈ کے ساتھ کام کیا ہے' وہ یہاں پر تھے اور وہ ہمارے ساتھ اب پاکستان میں کام کر رہے ہیں۔ وہ اپنے شعبے میں ماہرین ہیں' پاکستان کی statistics اور باقی چیزیں دیکھ کر وہ کہتے ہیں کہ انشاء اللہ تعالیٰ یہ ملک کوئی وجہ نہیں ہے کہ 1960 کی دہائی میں جب پاکستان کی exports Asian tiger سے زیادہ تھیں' کوئی وجہ نہیں ہے کہ عنقریب ہماری exports ان سے زیادہ کیوں نہیں ہوسکتیں۔ بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم نے دو' تین چیزیں کرنی ہیں' ہم نے اپنی continuity of policy رکھنی ہے' اپنی سمت direct سامنے رکھنی ہے' اپنا resolve رکھنا ہے۔ ہم نے ایک سمت میں جانا ہے۔ ہم نے transparency کے ساتھ کام کرنا ہے ۔ منسٹری آف فنانس کے حوالے سے یہاں پر کوئی بھی سوال ہوتا ہے' میں یہاں پر وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمیشہ اس سوال کا جواب صاف اور شفاف طریقے سے دیا ہے۔ آپ یہاں پر کسی سے پوچھ لیں' یہاں پر transparency کے علاوہ ہمارا کوئی اور موقف نہیں ہے۔ ہم لوگ headache لیتے ہیں۔ Prices پر debate ہوئی' سو بار کریں' انشا اللہ تعالیٰ حقائق کے ساتھ آپ کو اس کا جواب دیں گے اور آپ کو قائل کریں گے۔ دھونس اور دھاندلی اور زور کے ساتھ نہیں' حقائق کے ساتھ ہمارے ساتھ بیٹھیں۔

جناب چیئرمین! میں یہ بھی کہتا چلوں کہ یہاں پر ہمارے اپوزیشن کے جو دوست بیٹھے ہوئے ہیں' فنانس کمیٹی میں ان کا بڑا positive role بھی ہوتا ہے۔ سینیٹر اسحاق ڈار صاحب نے بالکل صحیح بات کی' کل یا پرسوں سینیٹ نے جو یہاں پر fiscal responsibility bill unanimously pass کیا ہے' لوگ اس چیز کو سمجھیں کہ Executive پر ایک قسم کی ہتھکڑیاں لگ گئی ہیں کہ آپ اپنی spending ایک level سے زیادہ نہیں کر سکتے' آپ قرضہ جات نہیں لے سکتے' آپ نے social sectors, health and education پر spending دگنی کرنی ہے' چار فیصد سے کم spending آپ social sectors پر نہیں کر سکتے' اس سے زیادہ کرنی ہے۔ جناب چیئرمین! قومیں دو' تین سال میں نہیں بنتیں۔ قومیں دس' پندرہ سال کی دن رات کی محنت سے بنتی ہیں اور بنیادی طور پر دو چیزیں اس کے لیے چاہیے ہوتی ہیں' ایک ایمانداری اور دوسرا continuity of policies. یہ policies ہیں تو آج ہم ترقی

کر رہے ہیں۔ یہاں پر بیٹھا ہوا ہر ایک آدمی، ہر مرد اور خاتون یہاں پر جو بیٹھے ہوئے ہیں یہ محب وطن پاکستانی بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہم لوگ محب وطن لوگ ہیں۔ جناب چیئرمین! میں نے آپ کو ہندوستان کی بات کی۔ میں حیدرآباد گیا۔ ہم لوگ بڑی باتیں سنتے ہیں کہ جی بہت ترقی کر رہے ہیں وہ لوگ۔ جناب چیئرمین! جب پاکستان کی سرزمین پر میں آیا، یقین جانیں، اس دھرتی کو چومنے کو دل چاہ رہا تھا۔ یہ ملک ہے تو ہم ہیں۔ اس ملک کے ایک ذرے کو بھی کچھ ہوا تو ہم لوگ نہیں رہیں گے اور دربدر پھر رہے ہوں گے۔ وہاں پر جو غربت کا حال ہے جناب چیئرمین! ایک جگہ تھی جہاں پر بڑی بڑی buildings تھیں، ان کی ایک طرف بڑی بڑی گاڑیاں پھر رہی تھیں، وہاں پر middle class کی بات ہو رہی ہے لیکن وہاں پر ایک میدان تھا جس میں تقریباً ڈھائی، تین ہزار لوگ تمبوؤں میں نہیں جناب چیئرمین! بلکہ بوریاں کاٹ کر ان کا تمبو بنا کر رہ رہے تھے۔ یقین جانیے آپ کو غربت دیکھنی ہے تو وہاں پر جائیں، آپ کو پتا لگے گا کہ غربت کیا چیز ہوتی ہے۔ وہاں پر لوگ کیا کرتے ہیں۔ وہاں پر اگر آپ ان کے اپوزیشن کے لیڈران سے بات کرتے ہیں تو وہ کبھی بھی اپنے ملک کے خلاف بات نہیں کریں گے۔ آپ وہاں پر جائیں، ان کے اپوزیشن کے لیڈران کو آپ ٹٹولیں کہ وہ بات کریں اپنی حکومت کے خلاف لیکن وہ کہیں گے کہ یہ ہمارا اندرونی مسئلہ ہے ہم لوگ کبھی ایسی بات نہیں کریں گے۔ پاکستان میں آپ diplomatic core میں جائیں تو diplomats ہم سے ہی بات کرتے ہیں۔ ایک rating agency آئی پاکستان میں۔ جناب چیئرمین! انہوں نے خود ہمیں بتایا کہ ان ان لوگوں نے ہمیں فون کیے ہیں کہ پاکستان میں یہ خراب ہے، ہم سے پوچھیں یہ خراب ہے۔ جب وہ دوسری بار آئے تو انہوں نے کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہونے دی۔ انہوں نے کہا کہ کیا یہ آپ کے لوگ ہیں؟ آپ میں سے ہیں۔ ہمیں شرم آتی ہے کہ ہماری قوم کے اپنے لوگ جا کر یہ کام کرتے ہیں۔ ہمارے media کا role ہے کہ وہ positively project کریں۔ یہ Fail Pakistan State Report جو آ رہی ہے یہ کہاں سے آئی۔ یہ ہمارے اپنے یہاں سے آئی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پاکستان ترقی کرے گا، کر رہا ہے اور کس طرح کرے گا؟ کوئی غیب کی مخلوق نہیں آئے گی یہاں پر۔ آپ، ہم سارے، اپوزیشن کے لوگ، Treasury Benches کے لوگ اور پاکستان کی عوام اور بالخصوص جناب چیئرمین! ہمارے محب وطن نوجوانان پاکستان اس ملک

کو انشاء اللہ تعالیٰ آگے لے کر جائیں گے۔ بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much.

Senator Wasim Sajjad: Sir, I would like to move a Motion before the proceeding is adjourned because it was agreed that tomorrow and day after there will be a debate on foreign policy. For that purpose, sir, we have to suspend some rules. So, with your permission and the permission of the House I would like to move this Motion. Sir, this has been moved on behalf of myself, Mian Raza Rabbani, Ishaq Dar, Abdur Rahim Mandokhel, Maulana Samiul Haq, Dr. Abdul Malik, Shahid Hassan Bugti, just to represent then it means that the entire House is in favour of this Motion.

So, sir, I beg to move that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the requirements of Rules 27 and 120 be dispensed with in order to discuss the foreign policy of Pakistan in the sitting of the Senate to be held on 18th May and 19th May, 2006.

Mr. Presiding Officer: Now, I put this Motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: I think the Motion is carried naturally.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir, I raised a point on a point of order yesterday, a very serious scam was reported about a non-banking financial institution investment bank in different newspapers

and since the State Minister for Finance was not present at that time, I proposed either the matter be referred to the Finance Committee to look into that particular issue or that the Government should give a statement that what action it intends to take. Sir, the matter was very serious and the Chair said that since the State Minister for Finance was not here, he will be informed and he will give a statement in the House, what is the Government's intention and how the Government intends to take this particular issue. I request you, sir, before you adjourn, State Minister for Finance is here, he should give us the factual position.

Mr. Presiding Officer: Minsiter of State for Finance.

جناب عمر ایوب خان، جناب چیئرمین! جو issue جناب محترم اسحٰق ڈار صاحب نے اٹھایا ہے، کل میں ہاؤس کی permission سے ہی leave لے کر گیا تھا ایک important issue کا Crescent Investment Bank یہ check کیا ہے جناب! function پر۔ میں نے ہے اور میری SECP کے چیئرمین سے ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی فون پر بات بھی ہوئی ہے اور فرگوسن کی 31 اکتوبر 2005ء کی جو final audit report ہے وہ تقریباً اگلے 48 گھنٹے یا 72 گھنٹے میں ان کے پاس آجائے گی۔ جب ان کے پاس officially وہ signed audited report آجائے گی تو اس کے بعد I will be more than happy to comment in the House اور when I myself have also studied SECP study کر لے۔ Unofficial باتیں یا hear say یا rumours پر ہم لوگ believe نہیں کرتے۔ میں نے جس طرح ابھی تھوڑی دیر پہلے جناب چیئرمین! بات کی کہ transparency سے کام کریں گے۔ جو چیز ہوگی، اگر refer کرنی ہوئی، آپ کے سامنے پیش کریں گے،

the Standing Committee is then more than welcome to view the things. We have no problem with that.

اس رپورٹ کو پہلے آنے دیں۔ Let us take the action, اس کے بعد

this House and the National Assembly is more than welcome to take whatever measures they want to take.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir, it is noted that 72 hours would be beyond. I think it is a serious case, it has been on record that the same institution was rescued by a special intervention and again it is the National Bank of Pakistan's resources that have been used to rescue this Institution. Sir, I request you that State Minister for Finance is a very open minded gentleman and he should refer this matter to the Finance Committee even if the House is not in session, the Committee can meet and look into this sir. Thank you.

جناب عمر ایوب خان، جناب چیئرمین! میں گزارش کروں گا کہ I will go by

Chartered اسحٰق ڈار صاحب خود بھی the proper procedure. Let the report come,

he knows the procedures, till the auditor's report does not ہیں ' Accountant

come, as it comes اگلے 48 گھنٹوں میں آتی ہے' 72 گھنٹوں میں آتی ہے'

whether the House is in session or not, let me atleast have a look at it. Let me also have a look at it

کہ factual position کیا ہے۔ Hear say پر تو بہت ساری چیزیں آتی ہیں اور جب آپ ان

fact is something different. Let the report come, let me give کو پرکھتے ہیں تو

you the assurance. باقی ممبران بھی ہیں یہاں پر انہوں نے بھی اس کو raise کیا ہے'

they have ہارون اختر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں' باقی بھی ممبران ہیں ہمارے حکومتی بنچوں سے'

also raised their concerns. Rest assure, sir, report آئے گی'

if there is anything, that is more than welcome to discuss it in the

Standing Committee because both the Senate and the National Assembly are empowered to do so by all means.

Mr. Presiding Officer: Haroon Akhtar sahib.

Senator Haroon Khan: Sir, I would like to go alongwith the honourable Finance Minister except my concern is that on 12th of May, it was reported in the "Nation" that the National Bank of Pakistan to inject rupees two billion to help Crescent Investment Bank. So, we would wait for the report but I would very much like an assurance from the Minister that this injection be held until that report comes and until that report is discussed by the Finance Committee of the Senate.

Mr. Omar Ayub Khan: I will never give a mis-leading statement on the floor of the House that is not how I operate. I have to check the veracity of these reports again, I will reiterate. Let me see the reports factually and then we talk about it.

کسی چیز کو روکنا یا نہیں روکنا وہ دور کی بات ہے جناب! لیکن سب سے پہلی بات یہ ہے کہ اس کی veracity ہم لوگ check کریں، رپورٹ کو officially transmit کرنے کا ایک procedure ہوتا ہے، you can't jump the gun. Legislation ہے procedure کا ایک یہاں پر Chartered Accountants بھی بیٹھے ہیں and they know that there is a set procedure. Let us abide by that. ہم لوگ ہی قانون کو توڑنے لگ جائیں تو اللہ ہی حافظ ہے۔ Let us go by that but rest assure, جناب چیئرمین! جس طرح میں نے گزارش کی کہ refer کرنا ہوا تو بات ہوگی اس پر، I will be the first one to say that it should be referred.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اگر اگلے دو دنوں میں

if you get a basic report or some comments, I think you can explain or give the two members at least and then I think if it can be brought to the committee, it should be referred to the committee.

Mr. Omar Ayub Khan: No problem.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir, they have a role under the law, Security Exchange Commission of Pakistan. Will the honourable Finance Minister share with this House tomorrow their findings? It is the Security Exchange Corporation of Pakistan which has highlighted and flashed the problems and the report of the auditors are just either to certify that this is a factual position. There are parellel accounts being maintained, five billion balance sheet, nine billion balance sheet. Sir, the Government's Regulatory Authority has already got all the facts and I think, at least, to say that it is hearsay, Sir, it is not hearsay. It is much beyond and SECP findings must be shared. That is the factual position and if it is not going to be shared with this House then where it is going to be shared?

So, OK. National Bank of Pakistan, I am sure, Government having the biggest stakeholder almost 90 odd per cent, so I think they should give a direction. I think, Senator Haroon Akhtar has very good proposal that until the Finance Minister is able to look into the Furgosan Report, OK, good enough, he should take the time and then make sure that the public money, National Bank is the public money. Public money must not be inducted once again to rescue another this sort of scam sir. Thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جی وزیر صاحب۔

سینیٹر گلشن سعید:------ (in-audible).

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، وہ وزیر صاحب نے notice لے لیا ہے آپ بیٹھیں۔

میرا خیال ہے We will get back to the Crescent Bank issue.

جناب عمر ایوب خان، جناب! Ministry of Finance کا 20 million نے تو

کوئی نہیں دیا جی۔ There is customs refund case which is going on. A couple of people export refund کا جو تھا اور sales tax میں تھا

if I recall correctly and they are taking action and they are investigating it. It is quite a complicated case in which quite a people are involved. We will be more than happy.

اس پر آپ question کریں، آپ Calling Attention لائیں and I will be more than happy to lay the details on the floor of the House. No problem at all.

Mr. Presiding Officer: I think as long as it is in your notice, it is more than enough so that you can pursue for the sake of the House feelings on this.

جناب عمر ایوب خان: جناب! جہاں تک اسحاق ڈار صاحب کی proposal ہے کہ

tomorrow. Sir, tomorrow I will physically be not in Islamabad. NWFP Government

کا Provincial Development Forum جو ہے اس کا کل forum ہے

and I will be also there, representing the Federal Government. It is a very important occasion for the Frontier Government.

اور میں بھی اسی صوبے سے ہوں۔ مجھے سارا دن تقریباً وہاں پر گزارنا پڑے گا۔ جس طرح میں نے پہلے گزارش کی ہے کہ mutually ہم میں اتنا trust ہونا چاہیے کہ report جو فرگوسن کی آتی

internal ان کی تھیں، ان کی findings نے Special Audit Report. SECP ہے
Let it be tabled and then we talk about ۔ ہے مانگی نے انہوں تھی، investigation
it Sir. یہاں پر

In the meantime, they are not going anywhere. Whatever action will be taken, the proper authorities, the regulatory authorities will take it sir.

Mr. Presiding Officer: But I will suggest if not till tomorrow but day after tomorrow you get any feedback from SECP please share it with the House.

Mr. Omar Ayub Khan: No problem

Mr. Presiding Officer: The House is adjourned till tomorrow at 6.00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on 18th May, 2006 at 6.00 p.m.]